www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | منگل، 10 مارچ 2026ء بمطابق 20 رمضان 1447ھ | شمارہ 226 | قیمت 10 روپے

اپوزیشن اتحاد کا بورڈ آف پیس چھوڑنے اور پیٹرول قیمت کم کرنے کا مطالبہ

ایران جنگ میں فریق نہ بنیں

املاک کا نقصان نہ عرب ممالک میں ہونا چاہیے نہ دیگر ملکوں میں، اب سب کو اکٹھے بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا ہے، سب کو مذاکرات کی میز پر بیٹھنا ہوگا

اشرافیہ اپنی شاہ خرچی اور عیاشیوں کیلئے مہنگے جہاز خرید رہی ہے جن پر ماہانہ کروڑوں روپے کے اخراجات آئیں گے، ہمیں اس نظام کو بدلنا ہوگا

خطے پر بربریت مسلط کر دی گئی، 55 روپے اضافہ اشارہ ہے کہ آگے کیا ہوگا، خطے میں کہیں پیٹرول کی قیمت اتنی زیادہ نہیں بڑھی، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اپوزیشن اتحاد اور پی ٹی آئی کے رہنماں نے حکومت سے بورڈ آف پیس سے فوری نکلنے، ایران جنگ میں فریق نہ بننے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق اسلام آباد میں پی ٹی آئی رہنماں سلمان اکرم راجہ، بابر اعوان علامہ راجہ ناصر عباس نے پیر کے روز پریس کانفرنس کی۔ پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ اس وقت خلیجی ممالک میں غیر معمولی صورتحال کا سامنا ہے، خطے پر بربریت مسلط کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمان میں ہونے والی گفتگو نتیجے پر پہنچنے والی تھی مگر صیہونی قوتوں نے سب تہس نہس کر دیا، وقت آ گیا ہے کہ پاکستان اپنا کردار ادا کرے کیونکہ ہم ایک ایٹمی قوت ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں اداروں اور عوام کو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

جنگی صورتحال، وزراء، مشیران، افسران کی تنخواہوں، غیر ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی

کفایت شعاری پالیسی منظور

وزیراعظم کی زیر صدارت قومی کفایت شعاری پالیسی کی منظوری کے لیے اجلاس میں چاروں صوبوں اور گلگت بلتستان کے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر کو بھی مدعو کیا گیا، کفایت شعاری کے اضافی اقدامات کی منظوری دیدی

نئی پالیسی کا اطلاق تمام وزارتوں، محکموں، خودمختار اداروں، عدلیہ اور پارلیمنٹ میں یکساں لاگو ہوگا، نئی اشیا اور سرکاری گاڑیوں کی خریداری، سرکاری دوروں، سرکاری ضیافتوں پر پابندی ہوگی، سرکاری گاڑیوں کا پیٹرول آدھا کر دیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم نے جنگی صورتحال کے باعث کفایت شعاری کے اضافی اقدامات کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت قومی کفایت شعاری پالیسی کی منظوری کے لیے اجلاس ہوا، اجلاس میں چاروں صوبوں اور گلگت بلتستان کے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر کو بھی مدعو کیا گیا، وزیراعظم نے جنگی صورتحال کے باعث کفایت شعاری کے اضافی اقدامات کی منظوری دے دی۔ نئی پالیسی کا اطلاق تمام وزارتوں، محکموں، خودمختار اداروں، عدلیہ اور پارلیمنٹ میں یکساں لاگو ہوگا، نئی اشیا اور سرکاری گاڑیوں کی خریداری، سرکاری دوروں، سرکاری ضیافتوں پر پابندی ہوگی، سرکاری گاڑیوں کا پیٹرول آدھا کر دیا گیا، وزرا و مشیران دو ماہ کی تنخواہ و الاؤنسز چھوڑ دیں گے، سرکاری افسران کی تنخواہوں میں دو دن کی کٹوتی ہوگی۔ حکومت نے جون 2026 تک نئی پائیدار اشیا کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کر دی، آئی ٹی خریداری صرف این آئی ٹی بی کی جانچ اور آئٹی کمیٹی کی منظوری کے بعد ممکن ہوگی۔ کابینہ ارکان، ارکان پارلیمان اور سرکاری افسران کے غیر ملکی سرکاری دوروں پر پابندی عائد کر دی گئی، پابندی کا اطلاق وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تمام عہدے داروں پر ہوگا۔ ناگزیر سرکاری دوروں کے سوا کسی بھی قسم کے بیرون ملک سرکاری سفر کی اجازت نہیں ہوگی، ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر تسلی بخش سطح پر موجود ہیں، وفاقی وزیر خزانہ

پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین معمول کے مطابق فعال ہے، جب کہ متعدد کارگو راستے میں ہیں

حکومت نے آئندہ ہفتوں کیلئے مزید پیٹرولیم کارگو کے انتظامات کر لیے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے آئندہ ہفتوں کیلئے مزید پیٹرولیم کارگو کے انتظامات کر لیے۔ وفاقی دارالحکومت وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں خطے کی صورتحال کے پیش نظر پیٹرولیم ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرولیم بحران: پنجاب کے وزراء کا فیول بند، ورک فرام ہوم کا فیصلہ

سرکاری دفاتر میں ورک فرام ہوم کا فیصلہ کیا، صرف ضروری عملہ ہی دفتر آئیگا، اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں 10 مارچ سے 31 مارچ تک بند رہیں گی

امتحانات شیڈول کے مطابق ہوں گے، سکول اور تعلیمی ادارے آن لائن کلاسز لے سکیں گی، پٹرول اور ڈیزل الاونس میں 50 فیصد فوری کمی کر دی گئی

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مشکل ترین بحران میں جرات مندانہ فیصلوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

بحرانی صورتحال کے پیش نظر عوام آؤٹ ڈور فنکشن نہ کریں، ہنگامی حالات کے پیش نظر عوام لیٹ نائٹ شاپنگ سے گریز کریں، اجلاس سے خطاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خطے میں جنگ کے نتیجے میں غیر معمولی معاشی مشکلات کے مقابلے کے لیے غیر معمولی اقدامات کا فیصلہ کیا ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں ہونے والے اجلاس میں مریم نواز شریف نے پیٹرولیم بحران کے خاتمے تک صوبائی وزرا کے لئے سرکاری فیول بند کر دیا، سرکاری افسران کی گاڑیوں کے لئے پٹرول اور ڈیزل الاونس میں 50 فیصد فوری کمی کر دی گئی۔ اسی طرح صوبائی وزرا اور اعلیٰ سرکاری افسر کے ہمراہ چلنے والی پروٹوکول گاڑیوں پر بھی پابندی عائد کر دی گئی، ناگزیر سکیورٹی کے لئے صرف ایک گاڑی صوبائی وزرا اور اعلیٰ سرکاری افسر کے ہمراہ ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری دفاتر میں ورک فرام ہوم کا فیصلہ کیا ہے، صرف ضروری عملہ ہی دفتر آئے گا، اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں، 10 مارچ سے 31 مارچ تک بند رہیں گی، ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

افغانستان کیساتھ باقاعدہ لڑائی جاری ہے، طلال چوہدری

موجودہ ملکی صورتِ حال سب کے سامنے ہے، ملک حالتِ جنگ میں ہے، وزیر مملکت

پاکستان اور افغانستان کے درمیان باقاعدہ لڑائی کی صورتِ حال ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ملک حالتِ جنگ میں ہے، افغانستان کے ساتھ باقاعدہ لڑائی جاری ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اسلام آباد میں قائم پولیس ناکوں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

کراچی: گورنر ہاؤس میں روزہ داروں کیلئے افطاری تیار کی جا رہی ہے

روس تہران کے ساتھ کھڑا رہے گا، پیوٹن کی مجتبیٰ خامنہ ای کو مبارکباد



ماسکو (ویب ڈیسک) روسی صدر پیوٹن کی جانب سے نئے سپریم لیڈر کی تقرری پر مجتبیٰ خامنہ ای کو مبارکباد دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روسی صدر پیوٹن کا کہنا تھا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

کراچی: لیاری کے علاقے میں سحری کے اوقات میں گیس کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ غیر قانونی ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ غیر آئینی و غیر قانونی ہے۔ پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

رواں سال 5 شہروں میں فائیو جی سروس یقینی بنائیں گے، شزا فاطمہ

کوشش ہے زیادہ سے زیادہ لوگ فائیو جی موبائل فون استعمال کریں، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ رواں سال 5 شہروں میں فائیو جی سروس یقینی بنائیں گے، فائیو جی پہلے مرحلے میں اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں دستیاب ہوگا۔ نجی ٹی وی کے مطابق شزا فاطمہ کا کہنا تھا کہ فورجی کی بہتری کی پہلی ترجیح ہے، پاکستان میں 95 فیصد مقامی سطح پر تیار کردہ موبائل فون استعمال ہوتے ہیں، کوشش ہے زیادہ سے زیادہ لوگ فائیو جی موبائل فون استعمال کریں، ان کا کہنا تھا کہ رواں سال 5 شہروں میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

حافظ نعیم کا مریم نواز سے اپنا لگژری طیارہ فروخت کرنے کا مطالبہ

انارکی اور انتشار نہیں پھیلانا چاہتے لہٰذا حکومت اپنے اقدامات فوری واپس لے، عید قریب آ رہی ہے اور عوام کے چولہے ٹھنڈے ہیں

خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے موٹر سائیکل سواروں کو 2200 روپے کا ریلیف دینا احسن اقدام ہے جس کی میں تعریف کرتا ہوں

28 دن کا اسٹاک موجود تھا تو اچانک 55 روپے کا اضافہ کیوں کیا؟ فائدہ اٹھا کر حکمرانوں نے پیٹرول مہنگا کر دیا، امیر جماعت اسلامی

کراچی (ویب ڈیسک) امیر جماعت حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت کو ہر ہفتے عوام پر پیٹرول بم نہیں گرانے دیں گے۔ ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ایران میں جنگ کی صورتحال کا فائدہ اٹھا کر حکمرانوں نے پیٹرول مہنگا کر دیا، حکومت کہتی ہے اٹھائیس دن کا اسٹاک ہے، پھر پیٹرول کی قیمت میں اضافہ کیوں کیا؟ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں 116 ڈالر فی بیرل تک اضافہ

مشرق وسطیٰ میں جنگ طویل ہوئی تو تیل 150 ڈالر فی بیرل تک جا سکتا ہے، ماہرین

اسلام آباد (ویب ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے باعث عالمی منڈیوں میں تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ اور امریکا کی آبنائے ہرمز کھولنے میں ناکامی کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی فی بیرل قیمت 100 ڈالر سے بڑھ گئی۔ خبر ایجنسی کے مطابق عالمی منڈی میں تقریباً ایک روز میں 25 فیصد بڑھنے سے خام تیل کی قیمت میں 116 ڈالر فی بیرل تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ فروری ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

ایران اسرائیل کشیدگی، 358 مزید افراد وطن واپس پہنچ گئے

تفتان بارڈر کے ذریعے 9 روز کے دوران مجموعی طور پر 2816 افراد واپس پہنچے ہیں

پاک ایران سرحد پر کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لئے ضلعی انتظامیہ الرٹ ہے

کوئٹہ (ویب ڈیسک) ایران اسرائیل کشیدگی کے باعث ایران میں پھنسے 358 مزید افراد وطن واپس پہنچ گئے۔ ایران میں مقیم پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ نویں روز بھی جاری رہا، گبد بارڈر سے گزشتہ روز 53 افراد واپس وطن پہنچے ہیں، گبد بارڈر سرحد سے 9 روز ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

ڈیرہ غازی خان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک

سی ٹی ڈی نے گاؤں جوتر میں 15 دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر چھاپہ مارا، 11 دہشتگرد فرار

ڈیرہ غازی خان (ویب ڈیسک) ڈیرہ غازی خان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران 4 دہشتگرد مارے گئے۔ ذرائع کے مطابق کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ڈی جی خان کے سرحدی گاؤں جوتر میں 15 دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر چھاپہ مارا، سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 4 دہشتگرد مارے گئے اور 11 دہشتگرد رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

سمندری سکیورٹی صورتحال: پاک بحریہ کا آپریشن محافظ البحر شروع

پاک بحریہ موجودہ میری ٹائم صورتحال سے پوری طرح باخبر ہے، محفوظ راہداری یقینی بنانے کیلئے تجارتی جہازوں کی نقل و حرکت کی فعال نگرانی اور کنٹرول کر رہے ہیں

پاکستان کی تقریباً 90 فیصد تجارت سمندر کے ذریعے ہوتی ہے، اہم سمندری راستوں کو محفوظ اور بلاتعطل رکھنے کے لئے آپریشن شروع کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ نے سمندری سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر آپریشن محافظ البحر شروع کر دیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ آپریشن کا مقصد قومی جہاز رانی اور سمندری تجارت کو درپیش خطرات کا مقابلہ کرنا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آپریشن کے تحت توانائی کی ترسیل اور سمندری راستوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پی این ایسکارٹ کی کارروائیاں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے تعاون سے کی جا رہی ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاک بحریہ کے سکواڈ جہازوں کی سکیورٹی کے لئے ایسکورٹ آپریشنز انجام دے رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ موجودہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی: سندھ پولیس نے کنٹینرز کے ساتھ سیکیورٹی اقدامات نافذ کر دیے

سہیل آفریدی کے دوبارہ ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کیخلاف دوبارہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ سہیل آفریدی کیخلاف ریاستی اداروں پر مبینہ طور پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

بلاول بھٹو سے پی پی رہنماں کی ملاقاتیں، متعلقہ امور پر تبادلہ خیال

کراچی (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے سینیٹرز اور پی پی رہنماں نے بلاول ہاس میں ملاقاتیں کیں۔ بلاول بھٹو زرداری سے سینیٹر سرمد ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

ایران کے اسرائیلی و امریکی اڈوں پر تازہ حملے، 4 میزائل شکن ریڈار تباہ کرنے کا دعویٰ

تل ابیب اور مقبوضہ بیت المقدس میں آسمان پر ایرانی میزائل دیکھے گئے، امریکا کا سعودی عرب میں موجود امریکی سفارتی عملے کو واپس بلانے کا حکم

ناروے کے دارالحکومت اوسلو میں واقع امریکی سفارت خانے کے قریب دھماکے کے بعد ایران کے ممکنہ کردار کے بارے میں سوالات اٹھنے لگے ہیں

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے اسرائیلی و امریکی اڈوں پر تازہ حملے، 4 میزائل شکن ریڈار تباہ کرنے کا دعویٰ، تل ابیب اور مقبوضہ بیت المقدس میں آسمان پر ایرانی میزائل دیکھے گئے، امریکا کا سعودی عرب میں موجود امریکی سفارتی عملے کو واپس بلانے کا حکم۔ ناروے کے دارالحکومت اوسلو میں واقع امریکی سفارت خانے کے قریب دھماکے کے بعد ایران کے ممکنہ کردار کے بارے میں سوالات اٹھنے لگے ہیں، امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مطابق اتوار 8 مارچ کو ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں سفارت خانے کی عمارت کو معمولی نقصان پہنچا، تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ ناروے کی وزیر انصاف و عوامی تحفظ نے واقعے کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس معاملے کو انتہائی سنجیدگی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
مینیجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

صدر زرداری کا بھارت اور افغانستان کو انتباہ

صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی ریاست ہے، ہم اپنی ذمہ داری کو سمجھتے ہیں اور بوقت ضرورت اپنا دفاع کرنا بخوبی جانتے ہیں۔ گذشتہ روز پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت بامعنی مذاکرات کی طرف آئے ورنہ ایک اور ذلت آمیز شکست کے لیئے تیار رہے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ جنگی میدانوں سے نکل کر مذاکرات کی میز پر آئیں، علاقائی سلامتی کا یہی واحد راستہ ہے۔ انہوں نے افغان طالبان رجیم کو متنبہ کیا کہ وہ کسی کے لیئے میدان جنگ نہ بنے۔ ہم نے ابھی بھارت اور افغانستان کو اپنی جنگی صلاحیتوں کی محض جھلک دکھائی ہے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پارلیمانی سال کے آغاز پر اپنی خودمختاری کا تحفظ، دہشت گردی کا خاتمہ اور معاشی استحکام ہماری ترجیحات ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ بھارت کے جنگی جنونی توسیع پسندانہ عزائم و اقدامات پاکستان ہی نہیں، اس پورے خطہ کے امن کے لیئے سنگین خطرہ بن چکے ہیں جو پاکستان کی سلامتی کے تو شروع دن سے درپے ہے اور اس کے لیئے کوئی بھی ہتھکنڈہ اختیار کرنے میں اس نے کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ آج افغانستان کی طالبان رجیم بھی پاکستان کی سلامتی کے خلاف جاری بھارتی سازشوں میں اس کی آلہ کار بن چکی ہے جبکہ بھارت افغان رجیم کی سہولت کاری کے ساتھ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی شکل میں اپنی پراکسیز کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کا ناسور پروان چڑھا رہا ہے۔ یہ دہشت گرد افغان سرزمین سے پاکستان میں داخل ہوتے ہیں اور ایک سال کے عرصہ میں یہاں بالخصوص سکیورٹی فورسز کو نشانہ بنا کر خیبر پی کے اور بلوچستان میں دہشت گردی کی بیسیوں وارداتیں کر چکے ہیں۔ اس کے لیئے بھارت نے افغان رجیم کو پیسے دے کر اسے پاکستان کے خلاف استعمال کیا۔ بے شک افغان طالبان کی پاکستان کی معاونت سے ہی کابل کے اقتدار میں واپسی ہوئی ہے جنہیں پاکستان کا شکر گذار ہونا چاہیئے تھا مگر وہ محض پیسے کی خاطر پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کی بھارتی سازشوں میں حصہ دار بن گئے۔ پاکستان کو بہرصورت اپنی سلامتی سے زیادہ کچھ عزیز نہیں اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی زیر قیادت پاک فوج پاکستان کی سلامتی کو درپیش ہر چیلنج سے بخوبی عہدہ برا ہو رہی ہیں۔ بھارت نے جب بھی پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی سازش کی تو ہر بار اسے منہ کی کھانا پڑی۔ گزشتہ سال مئی میں پاکستان کے ہاتھوں اٹھائی گئی ہزیمت پر بھارت زخمی سانپ کی طرح تڑپ رہا ہے اور پاکستان کے خلاف دوبارہ جارحیت کی منصوبہ بندی کیئے بیٹھا ہے۔ اس کے لیئے وہ طالبان رجیم کے ذریعے کشیدگی بڑھا رہا ہے اور طالبان رجیم نے بھی بھارتی پراکسی بننے کا پاک فوج کے ہاتھوں مزہ چکھ لیا ہے جس نے اپریشن غضب للحق کے ذریعے طالبان رجیم کا انجر پنجر ہلا دیا ہے اور اب اس میں پاکستان کے کسی بھی جوابی وار پر مزاحمت کرنے کی سکت تک نہیں رہی۔ اس تناظر میں طالبان رجیم کے پاس بچاؤ کا یہی واحد راستہ ہے کہ وہ بھارت کی پراکسی والے کردار سے رجوع کر کے راہ راست پر آ جائے ورنہ پاک افواج کے آگے اپنی جنگی صلاحیتوں پر ناز کرنے والا بھارت نہیں ٹک سکا تو افغان رجیم کس باغ کی مولی ہے۔ آج امن ہی اس خطے کے عوام کی ضرورت ہے جس کے لیئے صدر زرداری نے بھارت کو بامعنی مذاکرات کی میز پر آنے کا کہا ہے۔ اگر بھارت اور افغانستان اپنی فتنہ سازیوں سے باز نہیں آتے تو پھر دمادم مست قلندر ہی ہوگا۔

بھارت کی بے چینی بڑھتی جا رہی ہے

سعد اختر

بدلتی ہوئی عالمی صورتحال میں تیل اور قیمتی معدنیات پر کنٹرول کی جستجو تیزی سے بڑھتی دکھائی دیتی ہے جس سے دنیا کا منظر نامہ تبدیل ہو رہا ہے اور حالات نارمل نہیں رہے۔ قیادت کا حصول، صنعتی طاقت اور جغرافیائی اثر و رسوخ نے دنیا کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے کہ اسے ایک نئی جنگ کا سامنا ہے۔ عالمی سطح پر قیمتی معدنیات کی سپلائی چین کے راستے ہو رہی ہے اور چین معدنیات کی سپلائی کا اس وقت بڑا مرکز ہے جس کی بنیادی وجہ پروسیسنگ اور ریفائننگ میں چین کی زبردست بالادستی ہے۔ معدنیات کی بڑھتی ہوئی چین کی اس اہمیت نے امریکا کے تجارتی اور صنعتی پالیسی سازوں کو اسٹرائیجک انحصار کا از سر نو جائزہ لینے پر مجبور کر دیا ہے۔

ٹرمپ کے موجودہ دور اقتدار میں امریکا کے لیے نایاب زمینی معدنیات تک رسائی کو یقینی بنانا قومی ترجیح بن چکا ہے۔ چین کے علاوہ معدنیات کے بڑے سپلائر جیسے آسٹریلیا، کینیڈا، برازیل، ویت نام اور بہت سے افریقی ممالک لاگت، ریگولیٹری پیچیدگیوں اور ٹائم لائن کی وجہ سے بہت ہی محدود حیثیت رکھتے ہیں جبکہ پاکستان اس وقت دنیا میں کوئلے کے دو بڑے ذخائر کے ساتھ سرفہرست ہے۔ یہاں جو تانبے کے ذخائر ہیں اس میں پاکستان کا دنیا میں ساتواں نمبر ہے۔ تانبے کے ان ذخائر کی مالیت قریبا 6.1 ٹریلین ڈالر ہے جو دنیا کے دیگر ممالک کو خریداری کے لیے بہت کم لاگت اور نسبتا ایک لچکدار موقع فراہم کرتا ہے۔

امریکا نے بلوچستان میں معدنیات کے حصول میں واضح دلچسپی ظاہر کی ہے۔ امریکا کا Exim بینک پاکستان میں معدنیات کے شعبے مین 1.25 ملین ڈالر کی سرمایہ کر رہا ہے جس سے ملک میں مزید غیر ملکی سرمایہ کاری آنے کا قوی امکان ہے۔ پاکستان کی وزارت صنعت و تجارت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو اپنی طرف راغب کرنے کی شدید خواہاں ہے جس کے لیے بیرون ملک کوششیں بھی ہو رہی ہیں۔

چین پہلے ہی پاکستانی معدنیات کے شعبے میں خصوصی دلچسپی رکھتا ہے تاہم معدنیاتی ذخائر اور عالمی پروسیسنگ میں اپنے غلبے کی وجہ سے ساختی طور پر پاکستان معدنیات پر انحصار نہیں کرتا۔ اس لیے پاکستان کی معدنیات امریکا کے لیے زیادہ اہمیت رکھتی ہیں۔ پاکستان میں چین کی اس وقت موجودگی پہلے ہی پختہ اور ادارہ جاتی شکل اختیار کر چکی ہے۔ اس لیے یہ مستقبل میں معدنیات تک رسائی پر منحصر نہیں ہے جبکہ امریکا، پاکستان کے جنوب، مغربی علاقوں میں قدرتی وسائل کی کھوج اور انھیں نکالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ بھارت اس علاقے میں اپنے مذموم عزائم رکھتا ہے جن کی تکمیل کے لیے وہ اپنا کھیل کھیلتا رہا ہے۔ دہشت گردوں کو اس کی پوری پشت پناہی حاصل ہے۔ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے یہ دہشت گرد افغانستان کے راستے بلوچستان میں دراندازی کرتے ہیں اور پھر جو کچھ ہوتا ہے وہ ہمارے سامنے ہے۔

بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کر کے بھارت کا دوسرا مقصد پورا ہوتا ہے۔ ایک طرف یہ عام شہریوں اور سکیورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کا خون بہاتا ہے تو دوسری طرف گوادر کی بندرگاہ تک رسائی اور سرمایہ کاری کو خطرے میں ڈال کر چینی مفادات کو نقصان پہنچاتا ہے۔ گوادر جو بڑے پیمانے پر چین کے ون بیلٹ ون روڈ اقدام کا شاہکار قرار دیا جاتا ہے اور جس کا محل وقوع بحیرہ عرب تک براہ راست رسائی فراہم کرتا ہے، اہم تجارتی اور توانائی کے راستوں کو مختصر کرنے کا بھی سبب ہے۔ گہرے پانی کی وجہ سے اس کی تجارتی اہمیت بڑھ رہی ہے۔ اسی لیے گوادر اب بڑی اہمیت اختیار کر چکا ہے۔ تاہم بھارت یہ سب کچھ ہوتے نہیں دیکھنا چاہتا۔ گوادر بندرگاہ خطے میں بھارت کے روایتی اثر و رسوخ کے لیے بھی ایک اسٹریٹجک چیلنج بن گئی ہے۔ اسی لیے بھارت کی بے چینی بڑھتی جا رہی ہے اور جو سمجھ میں آتی ہے۔

بھارت کی اسٹریٹجک بے چینی اور دہشت گردی کی کارروائیوں میں اس کا حصہ علاقائی سلامتی کو خطرے میں ڈال رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ اس کی دشمنی اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ تاہم پاکستان خفیہ طور پر اور اپنی فورسز کے ذریعے انہیں روکنے کی کوشش میں دہائیوں سے مصروف ہے۔

پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج افغانستان میں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی موجودگی ہے جو افغانستان کی سرزمین استعمال کر کے پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیاں کرتے ہیں تاکہ پاکستان میں اقتصادی اور ترقیاتی سرگرمیوں میں خلل ڈالا جا سکے۔ بھارتی خفیہ نیٹ ورک دراندازی اور عدم استحکام کی سرگرمیوں کو آسان بنانے کے لیے سرحدی علاقوں، خاص کر ایران سے متصل بلوچستان کے کچھ علاقوں میں دہشت گردی کراتے ہیں اور فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ بی ایل اے دہشت گردی کے ان واقعات میں براہ راست ملوث ہے جسے اب امریکا نے ٹھوس شواہد ملنے کے بعد دہشت گرد تنظیم قرار دے دیا ہے، اس پر پابندی بھی عائد کر دی ہے۔

کابل اس وقت پوری دنیا میں تنہا ہو چکا ہے۔ اس کا سبب سلامتی کونسل کے چارٹر کے مطابق دنیا کے ساتھ نہ چلنا ہے۔ اب تک کابل کو بہت نقصان ہو چکا ہے۔ اس کے لاتعداد اہلکار ہلاک یا زخمی ہیں۔ طالبان رجیم کے فوجیوں اور دہشت گردوں کے کئی کیمپ بھی پاکستانی فضائیہ نے ایئر اٹیک کر کے تباہ و برباد کر دیے ہیں۔ یہ مقامات ان دنوں تباہی کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ افغان طالبان کو مزید وقت ضائع کیے بغیر صحیح راستے پر آ جانا چاہیے۔ اسلامی روح کے مطابق بھائی چارے کا ایسا ماحول پیدا کرنا چاہیے جس میں جنگ اور بربادی کا سفر دوبارہ شروع نہ ہو، خطے کے سب ممالک خیر و عافیت سے رہیں۔ اس کے لیے افغان طالبان رجیم کا پہلا قدم یہ ہونا چاہیے کہ اپنے ملک سے دہشت گردوں کے تمام ٹھکانے ختم اور ان کی سرپرستی کرنا چھوڑ دیں۔ جب تک بھارت کے آلہ کار بنے رہیں گے افغانستان نہ مستحکم ہو گا، نہ وہاں معیشت بہتر ہو گی اور نہ ہی خوشحالی آئے گی۔ افغان طالبان نے دنیا میں سرخرو ہونا ہے تو انھیں ہٹ دھرمی چھوڑنی ہو گی۔ ان قواعد و ضوابط کے ساتھ رہنا ہو گا، زندگی گزارنی ہو گی جو دنیا نے مرتب کر رکھے ہیں، ورنہ سسکیوں اور آہوں کے سوا ان کے پاس کچھ باقی نہیں بچے گا۔

رجیم چینج

آجکل رجیم چینج لفظ زبان زد عام ہے۔ کیونکہ حالیہ دنوں میں اس کا عملی مظاہرہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔ اس کا مطلب ہرگز نہیں۔ کہ یہ کوئی نئی اصطلاح ہے۔ ماضی میں بھی اس کا استعمال ہوتا رہا ہے۔ رجیم چینج کے لفظی معنی کسی بھی نظام حکومت کو محض اپنے ذاتی مفادات کی تکمیل کے لیے بزور طاقت ختم کرنے کے ہیں۔ امریکہ نے اس میں پی ایچ ڈی کی ہوئی ہے۔ اس نے ہر دور میں دوسرے ممالک میں رجیم چینج کی پالیسی اختیار کی ہے۔ بالخصوص اسلامی ممالک ہمیشہ اس کے نشانے پر رہے ہیں۔ پاکستان کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو محض اس لیے شہید کروا دیا گیا۔ کہ وہ اسلامی ممالک کا بلاک بنانے کے خواہشمند تھے۔ اگر وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے۔ تو آج دنیا میں امریکہ کی حیثیت اور مقام ایسا نہ ہوتا۔ جو اسے آج حاصل ہے۔ ان کے دور کے تمام اسلامی سربراہان سعودی عرب کے سلطان شاہ فیصل، لیبیا کے صدر قذافی جیسے نڈر لیڈران کو جو امت مسلمہ کے اتحاد کے داعی تھے۔ سب کو سازشوں کے ذریعہ سے رجیم چینج کا شکار بنایا گیا۔ پاکستان کے صدر جنرل ضیاالحق شہید کو بھی اپنے مطلوبہ مقاصد کی تکمیل ہونے پر رجیم چینج کے ذریعہ سے عبرت ناک انجام سے دوچار کیا گیا۔ امریکہ کی نظر میں ہر وہ اسلامی سربراہ اس کا دشمن ہے۔ جو امت مسلمہ کے اتحاد اور طاقت کی بات کرتا ہے۔ اسی لیے سابق وزیراعظم پاکستان و سربراہ پاکستان مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کی حکومت کا تین بار خاتمہ کیا گیا۔ یہ بھی رجیم چینج کا ہی حصہ تھا۔ کیونکہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف ایک محب وطن لیڈر ہیں۔ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں امت مسلمہ کے اتحاد و یکجہتی کے لیے بے مثال کاوشیں کی ہیں۔ ان کو اسلامی ممالک میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے میں ان کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ انہوں نے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے جوہری پروگرام کو انتہائی کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے میں ہماری سیاسی اور فوجی قیادت نے ہمیشہ سے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ جس کا خمیازہ ان کو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے بھگتنا پڑا ہے۔ ہم لوگ وقتی طور پر آپس میں دست و گریباں ضرور رہے ہیں۔ مگر ملکی سلامتی پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ امریکہ نے پاکستان کو ایٹمی طاقت آج تک دل سے تسلیم نہیں کیا۔ وہ ہر وقت ہمارے خلاف سازشی چال چلتا رہتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو

اورنگزیب اعوان

پایا۔ اب اسلامی ملک ایران ایٹمی طاقت بننے کی کوشش کر رہا ہے۔ تو اس کو یہ برداشت نہیں ہو رہا۔ اس سے قبل عراق کو بھی اسی پاداش میں سزا دی گئی تھی۔ عراق کے صدر صدام حسین بھی عراق کو ایٹمی طاقت بنانا چاہتے تھے۔ ظاہر ہے۔ ہر ملک اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کا خواہشمند ہے۔ اور ہونا بھی چاہیے۔ بدقسمتی سے ہمارے اسلامی ممالک کے سربراہان دنیاوی عیاشی میں اس قدر مگن ہیں۔ کہ تمام تر وسائل ہونے کے باوجود امریکہ کی غلامی کرنے پر مجبور ہیں۔ رجیم چینج کے حالیہ واقعات نے دنیا کو شدید ترین خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ ایران سے قبل امریکہ نے بھارت کی مدد سے پاکستان میں رجیم چینج کی کوشش کی۔ جس میں اسے بری طرح سے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر اس نے پلان ٹو پر عمل درآمد کرتے ہوئے۔ ہماری عسکری اور سیاسی قیادت کی تعریف کرنا شروع کر دی۔ ساتھ ہی ساتھ بھارت، اسرائیل کی مدد سے افغانستان کے ذریعہ سے پاکستان میں دہشت گردی بھی شروع کروا دی۔ جس کے نتیجہ میں ہماری مساجد، امام بارگاہوں اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا جاتا رہا۔ وہ کسی بھی صورت پاکستان کو کمزور کرنا چاہتا ہے۔ اس سے قبل ایک سیاسی جماعت کو اس مقصد کے لیے استعمال کیا گیا۔ جس نے پاکستان میں فوجی تنصیبات پر باضابطہ حملہ کیا۔ یہ نادان لوگ فوج کو اپنا دشمن تصور کرتے ہیں۔ اور افواج پاکستان کے خلاف تنقید کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ پاکستانی عوام محب وطن ہیں۔ وہ اپنی مسلح افواج کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ پاکستان کی انٹیلیجنس نے ایران کو امریکہ کے خطرناک کھیل سے پہلے ہی آگاہ کر دیا تھا۔ کہ وہ اسرائیل کی مدد سے آپ پر حملہ کرنے والا ہے۔ پاکستان نے تمام حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے۔ امریکہ و اسرائیل کے ایران پر حملہ سے قبل افغانستان پر حملہ کر دیا۔ اور افغانستان کے تمام ایئر پورٹس کو ناکارہ کر دیا۔ جہاں سے امریکہ نے ایران پر حملہ کرنا تھا۔ اس کے ساتھ ہی وہ تمام امریکی اسلحہ جو امریکہ سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت افغانستان میں چھوڑ گیا تھا۔ کہ اس کو ایران کے خلاف استعمال کرے گا۔ اس کو نیست و نابود کر کے رکھ دیا۔ پاکستان کی سیاسی قیادت بالخصوص فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر نے جس اعلیٰ حکمت عملی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس نے امریکہ کی نیندیں حرام کر کے رکھ دی ہیں۔ پاکستان نے افغانستان جنگ کی آڑ میں بھارت اور اسرائیل کو اس خطہ میں مصروف کیا۔ ان کو افغانستان کی سرزمین پر عبرت ناک شکست سے دوچار کیا جا رہا ہے۔ بلاشبہ ایران ہمارا اسلامی برادر ملک ہے۔ اس کے عوام کے ساتھ پاکستان کے عوام کے دل دھڑکتے ہیں۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر ہر پاکستانی اشک بار ہے۔ اور ایران کی فتح کے لیے دعاگو ہے۔ پاکستانی قوم کی تمام تر ہمدردیاں اور نیک خواہشات ایرانی قوم کے ساتھ ہیں۔ انشاء اللہ ایران فتح یاب ہوگا۔ ایران نے پہلے دو دن جس بہتر جنگی حکمت عملی کا مظاہرہ کیا۔ اس کی مثال نہیں ملتی۔ اس نے ایک دو نہیں پانچ اسلامی ممالک میں چلائے۔ تاکہ پتہ چل سکے۔ کہ امریکہ نے کس اسلامی ملک میں کتنا اسلحہ ذخیرہ کیا ہوا ہے۔ مطلوبہ نتائج برآمد ہونے پر اصل کاروائی کی گئی۔ جس سے امریکہ اور اسرائیل کی چیخیں نکل رہی ہیں۔ دنیا بھر میں رجیم چینج کرنے والے اب خود رجیم چینج کا شکار ہونے جا رہے ہیں۔ جیسے جیسے امریکہ میں لاشیں جاتی رہیں گی۔ امریکی عوام کے غم و غصہ میں اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔ اور وہ ٹرمپ حکومت کے خاتمہ کے لیے سڑکوں پر نکلیں گے۔ اسرائیل ایران کے ہاتھوں صفحہ ہستی سے مٹ جائے گا۔ انشاء اللہ پاکستان اور ایران مل کر دنیا میں ظالم سامراجی نظام کے لیے رجیم چینج کا سبب بنے گے۔ دنیا دیکھے گی کہ حقیقی رجیم چینج کیا ہوتا ہے۔

آپریشن غضب للحق: طالبان رجیم دہشت گردی کا منہ توڑ جواب

پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کی بنیاد تاریخ، مذہب، ثقافت اور ہمسائیگی کے ان رشتوں پر استوار رہی ہے جن میں پاکستان نے ہمیشہ فراخ دلی، قربانی اور تعاون کی روایت قائم کی۔ قیام پاکستان کے بعد سے لے کر افغان جہاد، مہاجرین کی میزبانی، انسانی امداد، سفارتی حمایت اور معاشی سہولتوں تک، پاکستان نے ہر دور میں افغانستان کے ساتھ بھائی چارے کا عملی ثبوت دیا۔ لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دینا، عالمی فورمز پر ان کے موقف کی حمایت کرنا اور افغانستان میں استحکام کے لیے مسلسل کردار ادا کرنا اس طویل تاریخ کا حصہ ہے۔ مگر حالیہ برسوں میں، بالخصوص موجودہ طالبان رجیم کے قیام کے بعد، پاکستان کے خدشات کے برعکس سرحد پار دہشت گردی میں اضافہ، پاکستان مخالف عناصر کی موجودگی اور ریاستی سطح پر موثر کارروائی نہ ہونا وہ بنیادی عوامل بنے جنہوں نے موجودہ کشیدگی کی بنیاد رکھی۔

اسی پس منظر میں جاری آپریشن غضب للحق کو سمجھنا ضروری ہے، کیونکہ یہ محض ایک عسکری کارروائی نہیں بلکہ پاکستان کے واضح اور دوٹوک ریاستی موقف کی عکاسی ہے کہ ملک اپنی سرحدوں، شہریوں اور قومی مفادات کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ گزشتہ روز DGISPR جنرل احمد شریف چودھری کی تفصیلی پریس بریفنگ نے اس امر کو واضح کیا کہ آپریشن ایک محدود مگر فیصلہ کن دفاعی اقدام ہے جو مصدقہ انٹیلی جنس اور ٹھوس شواہد کی بنیاد پر شروع کیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق دہشت گرد نیٹ ورکس کے متعدد ٹھکانے غیر موثر بنائے گئے اور سرحدی خطرات کو نمایاں حد تک کم کیا گیا۔

ریاستی سطح پر اس صورتحال کی سنجیدگی کا اندازہ وزیراعظم شہباز شریف کے جی ایچ کیو کے دورے سے بھی لگایا جا سکتا ہے جہاں عسکری قیادت نے انہیں آپریشنل پیش رفت اور مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ یہ ملاقات اس حقیقت کی مظہر تھی کہ سیاسی و عسکری قیادت ایک صفحے پر ہے اور ریاستی ردعمل مکمل ہم آہنگی کے ساتھ ترتیب دیا جا رہا ہے۔

پاکستان کے نقطہ نظر سے اس بحران کا بنیادی سبب سرحد پار دہشت گردی ہے جس کے بارے میں ریاست بارہا شواہد اور خدشات افغانستان کے طالبان رجیم اور عالمی برادری کے سامنے رکھتی رہی ہے۔ سرکاری موقف کے مطابق افغانستان کی سرزمین پر موجود دہشت گرد نیٹ ورکس نہ صرف پاکستان میں حملوں کی منصوبہ بندی کرتے رہے بلکہ انہیں سہولت کاری بھی میسر رہی، جس نے پاکستان

سردار عبدالخالق وصی

کی قومی سلامتی کو براہ راست متاثر کیا۔

پاکستانی بیانیے میں ایک اور اہم پہلو علاقائی پراکسی سیاست کا ہے۔ پالیسی حلقوں کے مطابق بھارت اور اسرائیل کے بڑھتے ہوئے دفاعی تعاون اور خطے میں اس کے ممکنہ اثرات کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ اسی تناظر میں بھارتی وزیراعظم نریندرا مودی کے اسرائیل کے حالیہ دورے اور دونوں قیادتوں کے بیانات کو اس بڑی اسٹریٹجک تصویر کا حصہ سمجھا جا رہا ہے جس میں پاکستان مخالف صف بندیوں کے امکانات پر غور کیا جا رہا ہے۔

اعداد و شمار کے مطابق، جن کا حوالہ پریس بریفنگ میں دیا گیا، کارروائی کے دوران دہشت گرد انفراسٹرکچر کو نمایاں نقصان پہنچا اور کئی اہم ٹھکانے تباہ کیے گئے۔ متعدد شدت پسند ہلاک اور زخمی ہوئے جبکہ پاکستانی فورسز کے نقصانات محدود رہے۔ حکام نے اس امر پر زور دیا کہ کارروائی انتہائی درستگی کے ساتھ کی گئی تاکہ غیر ضروری جانی نقصان سے بچا جا سکے۔

پاکستان کا بنیادی پیغام واضح ہے کہ یہ کارروائی کسی ملک کے خلاف جنگ نہیں بلکہ دہشت گردی کے خلاف دفاع ہے۔ ریاست اب بھی اس موقف پر قائم ہے کہ خطے میں پائیدار امن صرف مذاکرات اور تعاون سے ہی ممکن ہے، مگر یہ امن اسی صورت ممکن ہے جب پاکستان کی سلامتی کو لاحق خطرات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے۔

سفارتی سطح پر بھی پاکستان متحرک ہے اور دوست ممالک کو صورتحال سے آگاہ کیا جا رہا ہے تاکہ یہ واضح رہے کہ پاکستان کا اقدام بین الاقوامی قانون اور حق دفاع کے اصول کے مطابق ہے۔ حکام کے مطابق پاکستان نہ تو تصادم کا خواہاں ہے اور نہ ہی علاقائی کشیدگی میں اضافہ چاہتا ہے، تاہم اپنی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات سے گریز بھی نہیں کرے گا۔

داخلی سطح پر یہ صورتحال قومی یکجہتی کے ایک نئے اظہار کے طور پر بھی سامنے آئی ہے۔ عوامی سطح پر ریاستی اداروں کے لیے اعتماد اور حمایت اس بات کا ثبوت ہے کہ قوم اپنی سلامتی کے معاملے پر متحد ہے۔ یہی اتحاد کسی بھی ریاست کے لیے سب سے بڑی قوت ہوتا ہے اور یہی پاکستان کی اصل طاقت بھی ہے۔

اختتامیہ بات واضح رہنی چاہیے کہ پاکستان کی ریڈ لائن کسی جغرافیائی حد تک محدود نہیں بلکہ ایک اصولی موقف کا نام ہے ریاست کی خودمختاری، شہریوں کا تحفظ، سرحدوں کی حرمت اور دہشت گردی کے لیے کسی بھی سرزمین کا استعمال ناقابل قبول ہے۔ پاکستان امن کا خواہاں ہے، مگر امن اسی وقت ممکن ہے جب اس کی خودمختاری کو چیلنج نہ کیا جائے۔ یہی وہ حد ہے جس کے بعد پاکستان کا ردعمل ناگزیر ہو جاتا ہے، اور یہی پیغام آپریشن غضب للحق کے ذریعے پوری دنیا کو دیا گیا ہے کہ پاکستان امن چاہتا ہے، لیکن اپنے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمہ تک اہداف کو نشانہ بنائے گا۔

افغانستان اکیلے یا بھارت اسرائیل سے ملکر بھی پاکستان کو غیر مستحکم اور کمزور کرنے کی جو کوشش کریں گے اسکا دوٹوک جواب ملے گا اور پاکستان اپنی سلامتی دفاع اور اپنے شہریوں کی حفاظت کے لیے پرعزم ہے سیاسی سفارتی اور عسکری قیادت یکجا و یکجان ہیں۔

سندھ بھر سے

ٹھٹھہ: ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت پر سول سوسائٹی و مختلف تنظیموں کی ریلیاں

مکلی کے نوجوانوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے پبلک پارک مکلی سے نیشنل پریس کلب ٹھٹھہ تک احتجاجی ریلی نکالی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) امریکی و اسرائیلی جارحیت اور ایران پر حملوں کے خلاف، نیز ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت پر مکلی کے نوجوانوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے پبلک پارک مکلی سے نیشنل پریس کلب ٹھٹھہ تک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت حسان مہر، فیضان شیخ، رئیس امام بخش، قاسم شیخ اور دیگر کر رہے تھے۔ ریلی میں شریک نوجوانوں کے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز تھے جن پر امریکی جارحیت کے خلاف نعرے درج تھے۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران عالم اسلام کی جنگ لڑ رہا ہے جبکہ اور معصوم اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ امریکا اور اسرائیل کو عالمی دہشتگرد قرار دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ وہ آیت اللہ خامنہ ای کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے، ان کے بقول، شہادت قبول کی مگر غلامی قبول نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ جو اسلامی ممالک امریکہ اور اسرائیل کی حمایت کر رہے ہیں انہیں یاد رکھنا چاہیے کہ ایران کے بعد ان کی باری بھی آ سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی حکومت اب کس منہ سے امریکی صدر کو امن کا نوبل انعام دینے کی بات کرے گی۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ ایران پر حملے فوری طور پر بند کیے جائیں، اس کی خودمختاری کو تسلیم کیا جائے اور مسلم ممالک ایران کی حمایت کریں۔ ایران پر امریکی اور اسرائیلی جارحیت اور ایرانی سپریم لیڈر سید علی حسینی خامنہ ای کی شہادت کے خلاف ٹھٹھہ سے مکلی تک احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں شدید نعرے بازی کی گئی۔ شیعان علی ٹھٹھہ کی اپیل پر ڈاکٹر عبدالحسین شاہ، معروف نوحہ خواں غلام حیدر شاہ، علامہ باقر علی سید طالب شاہ اور نعیم قریشی سمیت دیگر رہنماں کی قیادت میں شاہ نجف امام بارگاہ ٹھٹھہ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ بعد ازاں شرکا نے موٹر سائیکل ریلی کی صورت میں مکلی تک مارچ کیا اور نیشنل پریس کلب ٹھٹھہ کے سامنے پہنچ کر نعرے بازی کی۔ احتجاجی ریلی میں شریک شہریوں، مومنین اور نوجوانوں کے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز تھے۔

عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت شان پلازا اور طیبہ سینٹر سے متعلق اہم اجلاس

نواب شاہ (و۔آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت نواب شاہ کے تجارتی مراکز شان پلازا اور طیبہ سینٹر کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس کے دربار ہال میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی نے کہا کہ شان پلازا اور طیبہ سینٹر کو منہدم کرنے کا مقصد کسی کو بے روزگار یا مشکلات میں ڈالنا نہیں بلکہ انسانی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے انہوں نے بتایا کہ دونوں عمارتوں کی خستہ حالی سے متعلق مقررہ انجینئرز کی جانب سے رپورٹ پیش کی گئی ہے۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کے طالب علم نے خودکشی کر لی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) شاہ عبداللطیف یونیورسٹی کے طالب علم نے خودکشی کر لی، یونیورسٹی کے شعبہ قانون سے تعلق رکھنے والے ٹھری میرواہ کے رہائشی نوجوان شکیل شر نے یونیورسٹی شعبہ قانون کی انتظامیہ کے رویہ سے دلبرداشتہ ہو کر خودکشی کرنے کا سبب بتایا ہے، نوجوان نے اپنے وائس میسج میں کہا کہ وہ مجبوری اور مسائل کے باعث سمسٹر میں شرکت نہیں کر سکا۔ جس پر شعبہ کے سر قیوم اور میڈیم سے رابطہ کر کے خصوصی رعایت مانگی تھی جو ملنے پر خودکشی کر رہا ہوں، پولیس کے مطابق نعش ضروری کارروائی بعد ورثاء حوالے کر دی ہے۔

میرپورخاص: اغواء کیس میں باعزت بری افراد کی وکلاء کے ہمراہ تصویر

رہزن بے لگام، ڈکیتی واردات میں مزاحمت پر دو نوجوان قتل

محراب پور (پاکستان بلیٹن) عید کی آمد کیساتھ رہزن بے لگام، ڈکیتی واردات میں مزاحمت پر دو نوجوان قتل، پہلا واقعہ منٹھرو، باندھی روڈ پر گاؤں علی نواز جمالی کے پاس ہوا جہاں پر گاؤں مانگ لاشاری سے تعلق رکھنے والے دبئی پلٹ نوجوان منٹھار علی ولد صادق لاشاری کو ڈکیتی واردات دوران مزاحمت پر رہزنوں نے گولیاں مار کر قتل کر دیا اور فرار ہو گئے، دوسرا واقعہ پھل میرانپور رابطہ سڑک (لنک روڈ) پر ہوا جہاں خالد حسین میکھ کو ڈکیتی واردات کے دوران مزاحمت کرنے پر رہزنوں نے گولی مار دی، عینی شاہدین کے مطابق زخمی نوجوان کو بروقت طبی امداد اور ایمبولینس نہ ملی، پولیس کے مطابق زخمی کو نوجوان کو ابتدائی طبی امداد بعد نواب شاہ اسپتال منتقل کیا لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا، جاں بحق نوجوان جسقم رہنما شبیر میکھ کا بھانجا تھا، پولیس کے مطابق نعش ورثاء حوالے کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

ٹریکٹر ٹرالی سے کچل کر معصوم بچہ جاں بحق

محراب پور (پاکستان بلیٹن) ٹریکٹر ٹرالی سے کچل کر معصوم بچہ جاں بحق ہو گیا، حادثہ درس پولیس تھانہ کی حدود گاؤں عبداللہ برڑو میں پیش آیا جہاں پر ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر معصوم فیضان قیوم برڑو کچل کر جاں بحق ہو گیا۔

نجی اسپتال یا موت کے گھر، ڈاکٹر کے غلط آپریشن نے خاتون کی جان لے لی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) نجی اسپتال یا موت کے گھر، ڈاکٹر کے غلط آپریشن نے خاتون کی جان لے لی، کنڈیارو شہر کے ایک نجی میڈیکل سینٹر میں پتے کے آپریشن میں جگر کی رگ کٹ جانے سے خاتون مسمات صغراں زوجہ گل محمد پیرزادہ جاں بحق ہو گئی، ورثاء کے مطابق خاتون کو پتے کے آپریشن کیلئے جنید میڈیکل سینٹر میں داخل کیا تھا کہ جہاں ڈاکٹر زاہد چانڈیو کے مبینہ غلط آپریشن میں جگر کی رگ کاٹ دی جس کے بعد خاتون کو کراچی لے جایا گیا لیکن وہ رستے میں زندگی کی بازی ہار گئی، بااثر ڈاکٹر کیخلاف پولیس ہم سے تعاون نہیں کر رہی ہے ایس ایس پی نوشہرو فیروز نوٹس لے۔

جھلوری میں ایران کے حق میں احتجاجی ریلی، اسرائیل اور امریکا کے خلاف نعرے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) جھلوری میں ایران پر اسرائیل اور اس کے اتحادی ممالک کی جانب سے جاری مظالم کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اسرائیل و امریکا کے خلاف فلک شگاف نعرے لگائے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایران کے خلاف جارحیت قابل مذمت ہے اور امت مسلمہ کو اس معاملے پر متحد ہونا چاہیے۔

اینٹی کرپشن چھاپہ خبریں: نیشنل پریس کلب میرپورخاص بازی لے گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں تعلیمی بورڈ پر محکمہ اینٹی کرپشن کی جانب سے کی گئی کارروائی کے بعد سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی غیر مصدقہ خبروں نے صورتحال کو مشکوک بنانے کی کوشش کی تاہم تحقیقات کے دوران سامنے آنے والے حقائق ان خبروں کے برعکس ثابت ہوئے ہیں۔ گزشتہ دنوں محکمہ اینٹی کرپشن کے افسران و اہلکاروں نے میرپورخاص تعلیمی بورڈ کے دفاتر کا دورہ کرتے ہوئے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی۔ ذرائع کے مطابق کارروائی کے وقت بعض متعلقہ افسران دفاتر میں موجود نہیں تھے تاہم تعلیمی بورڈ کے سیکریٹری نوید شمشیر کو فوری طور پر اطلاع دی گئی جو گھر سے دفتر کے لئے روانہ ہو چکے تھے۔ اطلاع ملنے پر وہ چند ہی منٹوں میں تعلیمی بورڈ آفس پہنچ گئے جہاں انہوں نے اینٹی کرپشن ٹیم سے ملاقات کی اور خود مختلف شعبہ جات کا دورہ کراتے ہوئے مطلوبہ ریکارڈ اور دستاویزات فراہم کیں۔

شہر قائد

ضلع وسطی میں صفائی کے نظام کی بہتری کے لیے اہم پیش رفت

کچرا اٹھانے والی گاڑیوں کی گلبرگ یارڈ سے ناظم آباد یارڈ منتقلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع وسطی میں صفائی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مینجنگ ڈائریکٹر سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی نظامانی نے ناظم آباد یارڈ کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق انہوں نے کچرا اٹھانے والی گاڑیوں و مشینری کی گلبرگ یارڈ سے ناظم آباد یارڈ منتقلی کے عمل کی نگرانی کی۔ نگرانی کے دوران انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ تمام انتظامات شفاف اور منظم انداز میں مکمل کیے جائیں تاکہ صفائی ستھرائی کے امور مزید تیز اور موثر بنایا جا سکے اور آپریشن میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ آئے۔ دیگر تفصیلات میں ناظم آباد اور لیاقت آباد میں صفائی ستھرائی آپریشن کے لئے ناظم آباد یارڈ کی تعمیر و مرمت اور مشینری کی شفٹنگ کا کام جاری ہے اس اقدام سے گاڑیوں کی آمد و رفت میں سہولت اور فاصلہ کم ہونے سے کام کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ اس موقع پر افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گاڑیوں کی منتقلی کا مقصد آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنانا اور علاقوں میں بروقت کچرا اٹھانے کو یقینی بنانا ہے۔ ایم ڈی سالڈ ویسٹ نے ہدایت کی کہ عملے کی حاضری، گاڑیوں کی فٹنس اور روٹس کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ دورے کے دوران متعلقہ ٹاؤن افسران اور دیگر عملہ بھی موجود تھا۔ انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع وسطی میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر اور فعال بنایا جائے گا۔

ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی نظامانی گلبرگ یارڈ کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام امن، اخوت اور انسانیت کا مکمل ضابطہ حیات ہے، بلال سلیم

مخالف قوتیں مسلمانوں کو دین سے دور کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں، مرکزی سیکرٹری جنرل

کراچی (پ۔ر) مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ اسلام وہ واحد مذہب ہے جو مکمل ضابطہ حیات پیش کرتا ہے اور جس کی تعلیمات عدل و انصاف، رواداری، مساوات اور خدمت انسانیت سے دنیا کے دیگر مذاہب اور معاشرے بھی رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے چودہ سو سال قبل انسانیت کو جو حقوق دیے، آج مغربی دنیا بھی انہی اصولوں کو اپنا کر فخر محسوس کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام مخالف قوتیں ایک منظم سازش کے تحت مسلمانوں کو دین کی اصل روح سے دور کر کے دنیاداری، مادہ پرستی اور نفسانفسی میں مبتلا کر رہی ہیں۔ نتیجتاً مسلمان اپنی دینی شناخت، اخلاقی اقدار اور اجتماعی قوت کو کمزور کر رہے ہیں۔ آج امت مسلمہ باہمی اختلافات، فرقہ واریت اور ذاتی مفادات میں الجھ کر اپنی اصل ذمہ داریوں سے غافل ہو چکی ہے۔

ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں لیکن کھوکھلی معیشت دفاعی قوت کو کھا رہی ہے: پاسبان

نوکر شاہی کے اللے تللوں نے ملک کی لنکا ڈھا دی ہے: اقبال ہاشمی

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے جنرل سیکریٹری اقبال ہاشمی نے کہا ہے کہ ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے لیکن کھوکھلی معیشت ہماری دفاعی قوت کو گھن کی طرح کھا رہی ہے۔ پاکستان اگر معاشی طور پر مستحکم ہوتا تو آج مسلم امہ کی قیادت کا تاج اس کے سر پر سجتا۔ بے ایمانی اور اقربا پروری نے پاکستان کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ بھارت بار ہا جتلا چکا ہے کہ ہمیں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے، یہ اپنے آپ تباہ ہو جائے گا۔ حکومت کو اپنی شان دار کارکردگی کا باجا بجانے کی بجائے آنکھیں کھول کر حالات کا ادراک کرنا چاہیے۔ کرپشن کا گھن پاکستان کی ترقی کو چاٹ چکا ہے۔ معاشی کمزوریوں کی بناء پر پاکستان دس دن کی فل اسکیل جنگ بھی لڑنے کے قابل نہیں ہے۔ میرٹ کی بنیاد پر فیصلے نہ کئے گئے تو پاکستان کو بینک رپٹ ہونے سے نہیں بچایا جا سکتا ہے۔ ٹرمپ کی جو حضوری اور آئی ایم ایف کے سامنے کاسہ لیسی کر کے اور کتنے دن جیا جا سکتا ہے؟ پاکستان کے اعلی عہدوں پر فائز حکمران سرکاری جہازوں پر دنیا بھر کی سیر کرتے رہتے ہیں، پاکستان کو اس کا رتی برابر کا بھی فائدہ نہیں ہے۔ ملک میں احتساب نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ اقبال ہاشمی نے کہا کہ مملکت کے ستون ہی ملک کی جڑیں کھود رہے ہیں۔ سب اچھا ہے کے نعروں سے منفی رفتار تبدیل نہیں ہو جائے گی۔ نوکر شاہی کے اللے تللوں نے ملک کی لنکا ڈھا دی ہے۔ ساٹھ فیصد آمدنی قرض کی نذر ہو جاتی ہے۔

محکمہ ہیلتھ اینڈ سینیٹیشن اور محکمہ لینڈ ڈیپارٹ کے طرف سے شاندار افطار و ڈنر کا اہتمام

کراچی (پ۔ر) رمضان المبارک کے موقع پر ڈائریکٹر سینیٹیشن فرحان شبیر اور ڈائریکٹر لینڈ زعیم خالد کی طرف سے شاہ فیصل ٹاؤن کے مرکزی آفس میں چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک کے اعزاز میں ایک شاندار افطار و ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن کے علاوہ وائس چیئرمین طارق محمود بنگش، اسسٹنٹ کمشنر شاہ فیصل نعمت اللہ چانڈیو کے علاوہ شاہ فیصل ٹاؤن کے افسران و ملازمین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ ہمیں صبر و استقامات اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے بابرکت مہینہ ہمیں باہمی محبت اور خدمت خلق کا موقع فراہم کرتا ہے شاہ فیصل ٹاؤن کے تمام افسران و ملازمین رمضان المبارک کے دوران عوامی خدمت کو بہتر سے بہتر کرنے کا عزم رکھتے ہیں اس بابرکت مہینے میں شاہ فیصل ٹاؤن میں صفائی ستھرائی اور شاہ فیصل کی عوام کو تمام ممکنہ بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

پندرہ دن گزر جانے کے بعد بھی مہنگائی میں کوئی کمی نہیں آسکی، حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین حنیف طیب نے کہا کہ رمضان المبارک کے پندرہ دن گزر جانے کے بعد بھی مہنگائی میں کوئی کمی نہیں آسکی بلکہ اس میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے کوئی چیز بھی سرکاری مقرر کردہ قیمتوں میں دستیاب نہیں ہر کوئی من مانی قیمتیں وصول کر رہا ہے۔

انسانی حقوق کا تحفظ ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، میاں محمد مقصود

کراچی (پ۔ر) الفاء فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے چیئرمین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا تحفظ کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیادی شناخت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں سماجی ناانصافی، معاشی عدم توازن اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزیاں ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکی ہیں۔

شاہ فیصل ٹاؤن کے مرکزی آفس میں چیئرمین شاہ فیصل گوہر علی خٹک کے اعزاز میں شاندار افطار و ڈنر کا اہتمام کیا گیا

بقیہ نمبر 01

بہانے سے مداخلت کی مخالفت کرتا ہے۔ترجمان نے کہا کہ ایران کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سلیت کا احترام کیا جانا چاہیے۔واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے قریبی ساتھی وری پبلکن سینیٹر لنزے گراہم نے ایران کے نومنتخب سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو دھمکی دے دی۔اسرائیل نے بھی دھمکی دی ہے کہ اسرائیل آیت اللہ خامنہ ای کے ہر جانشین کو نشانہ بناتا رہے گا۔یادر ہے کہ 56 سالہ مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کو ایران کے سپریم لیڈر کے عہدے پر 88 رکنی مجلس خبرگان رہبری نے نامزد کیا ہے۔اس حوالے سے مذہبی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ مجتبیٰ خامنہ ای کو مجلس خبرگان کے معزز نمائندوں کی فیصلہ کن رائے کی بنیاد پر ایران کے موجودہ نظام کے تیسرے رہنما کے طور پر مقرر اور متعارف کرایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 02

47ہزار 715 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا، جس کے بعد سٹاک ایکسچینج میں کاروبار ایک گھنٹے کیلئے عارضی طور پر معطل کر دیا گیا۔کاروبار دوبارہ شروع ہونے پر شدید مندی کا سلسلہ برقرار رہا، سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 13 ہزار سے زائد پوائنٹس کی کمی سے ایک لاکھ 44ہزار 119 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔بعدازاں ٹریڈنگ کے اختتام پر سٹاک ایکسچینج میں انڈیکس 11ہزار 15 پوائنٹس کی سے ایک لاکھ 46ہزار 480 پوائنٹس پر بند ہوا۔سٹاک ایکسچینج میں 567 کمپنیوں میں سے 33 کمپنیوں میں اضافہ ہوا، جبکہ 386 کمپنیوں میں کمی ہوئی، آج پاکستان سٹاک مارکیٹ میں 37ارب روپے مالیت کے 62 کروڑ شیئرز کا کاروبار ہوا۔واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری ہفتے کے آخری روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس ایک لاکھ 57ہزار 496 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 03

ہے۔کویت پیٹرولیم کارپوریشن کے مطابق تیل کی پیداوار میں کمی کا اقدام "رسک مینجمنٹ" کا حصہ ہے، پیداوار کی سطح پر نظر ثانی کا فیصلہ حالات کے مطابق کیا جائے گا۔کویت حکام کے مطابق ملک میں تیل کی سپلائی مکمل طور پر محفوظ ہے، جیسے ہی حالات اجازت دیں گے تیل کی پیداوار بحال کر دیں گے۔

بقیہ نمبر 04

روپے میں فروخت کر دیا تھا، کارروائی کے دوران بین الصوبائی گروہ کی 2 اغوا کار خواتین کو بھی گرفتار کیا گیا۔درگاہ لعل شہباز قلندر پر دھاگے بیچنے والی نائلہ چانڈیو کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا۔لڑکی کے اغوا کا مقدمہ والدہ زرینہ کی مدعیت میں وقار اور ذوالفقار سمیت دیگر کے خلاف درج تھا۔ایف آئی آر کے متن کے مطابق سیہون نہر پر کام کرنے والے مزدوروں نے میری بچی کو اغوا کیا۔سیہون پولیس کے مطابق مغویہ کو پہلے نوابشاہ اور بعد میں خیرپور کے کچے میں رکھا گیا تھا، گرفتار خواتین سے تفتیش جاری ہے، گروہ کے دیگر ملزمان کو جلد گرفتار کریں گے۔

بقیہ نمبر 05

اور اس صورتحال کے باعث اسٹاک ایکسچینج بھی متاثر ہو رہی ہے۔لاہور میں ڈی جی پی آر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پرائس سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور پنجاب میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی ریلیف کے اس نوعیت کے پروگرام کی مثال کسی اور صوبے میں نہیں ملتی۔عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ اس وقت خطے میں جنگ جیسی صورتحال ہے اور پاکستان کو مختلف محاذوں پر چیلنجز کا سامنا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف حالات کو کنٹرول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جبکہ پاکستان عالمی صورتحال کے باوجود معاشی معاملات بہتر بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمتوں میں 23 فیصد اضافہ ہوا ہے، جس کے اثرات پڑ رہے ہیں اور اس صورتحال کے باعث اسٹاک ایکسچینج بھی متاثر ہو رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں کر رہا ہے۔یوم علی کے موقع پر ملک بھر، وفاقی دارالحکومت اور صوبوں میں مجالس اور جلوس منعقد ہوتے ہیں جن کے لیے سخت سکیورٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے۔لاہور میں جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کے لیے 8ہزار اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔صوبے بھر میں مجموعی طور پر 217 جلوس اور مجالس منعقد ہوں گی جبکہ جلوسوں کے شرکا کی چیکنگ کے لیے 3ہزار میٹل ڈیٹیکٹر نصب کیے گئے ہیں۔پنجاب میں کیٹیگری اے کے 32 جلوس منعقد ہوں گے۔عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے آر پی اوز کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایت کی ہے اور دعا کی کہ یہ دن خیریت سے گزرے۔

بقیہ نمبر 06

اداروں، ماہرین، سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کے نمائندوں نے شرکت کی اور پاکستان کے آبی ماحولیاتی نظام کے تحفظ کے لیے حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کیا۔یہ منصوبہ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام (UNEP) کی معاونت سے گلوبل واٹر پارٹنرشپ (GWP) کے ذریعے پاکستان میں نافذ کیا جارہا ہے، جس کا مقصد پائیدار ترقی کے ہدف SDG 6.6 کے حصول کے لیے قومی پالیسیوں، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور ڈیٹا پر مبنی فیصلوں کو مضبوط بنانا ہے۔اس موقع پر پاکستان واٹر پارٹنرشپ کے کنٹری ڈائریکٹر محمد اویس نے کہا کہ اس ورکشاپ نے مختلف اسٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم فراہم کیا جہاں پاکستان کے فریش واٹر ایکو سسٹم کے تحفظ کے لیے عملی تجاویز اور مشترکہ حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا، جو آئندہ قومی عملدرآمد کے روڈ میپ کی تیاری میں مددگار ثابت ہوگا۔آبی ماہر اور سابق چیئرمین فیڈرل فلڈ کمیشن احمد کمال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں پانی کے وسائل کے پائیدار انتظام کے لیے انٹیگریٹڈ واٹر ریسورسز مینجمنٹ اور مؤثر ڈیٹا سسٹم انتہائی اہم ہیں، اور اس طرح کی مشاورتی سرگرمیاں پالیسی سازی کے عمل کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے گلوبل چینج امپیکٹ اسٹڈیز سینٹر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عارف گوہر نے کہا کہ پاکستان پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول اور موسمیاتی تبدیلی کے تناظر میں آبی وسائل کے مؤثر انتظام کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ کثیر فریقی مشاورت کے ذریعے قومی سطح پر مؤثر حکمت عملیوں کی تیاری ممکن ہو سکتی ہے جو آبی ماحولیاتی نظام کے تحفظ کو یقینی بنائیں گی۔ورکشاپ کے دوران پہلے مشاورتی اجلاس کے نتائج پیش کیے گئے جبکہ شرکا نے فریش واٹر ایکو سسٹم کے تحفظ اور بحالی کے لیے ممکنہ حکمت عملیوں، ادارہ جاتی تعاون اور پالیسی اصلاحات پر تفصیلی گفتگو کی۔شرکا کی تجاویز کی بنیاد پر ایک کنٹری امپلیمنٹیشن روڈ میپ تیار کیا جائے گا جسے بعدازاں اعلیٰ سطحی اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ورکشاپ کے اختتام پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان کے آبی ماحولیاتی نظام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مضبوط تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 07

ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو فیلڈ میں فوری طور پر چیکنگ مہم شروع کرنے کی ہدایات جاری کیں، اور حکام کو ہدایات دیں کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر نظام قائم کیا جائے۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور کسی کو بھی استحصال کی اجازت نہیں۔

بقیہ نمبر 08

ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھی نہیں اور پاکستان میں پہلے بڑھادی گئیں، مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ دی ہے۔انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے پر انتہائی تشویش ہے، مہنگائی کی وجہ سے خودکشی اور جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں قیمتوں میں اضافہ ہورہا تھا تو اتفاق رائے ضروری تھا، تینوں جماعتیں حکومت میں آ کر پیٹرولیم لیوی کو بڑھادیتی ہیں۔انکا کہنا تھا کہ عید کے بعد منظر نامہ دیکھ رہے ہیں کہ سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا، لوگوں کے اوپر بوجھ نہ ڈالیں، اشرافیہ پر بوجھ ڈالیں۔لوگوں کو کہیں کہ آئندہ الیکشن سادگی سے لڑیں۔

بقیہ نمبر 09

ثابت ہوگی، فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی کے لیے مجموعی طور پر 597.2 میگا ہرٹز اسپیکٹرم مختلف فریکوئنسی بینڈز میں پیش کیا جائے گا جن میں 700 میگا ہرٹز، 1800 میگا ہرٹز، 2100 میگا ہرٹز، 2300 میگا ہرٹز، 2600 میگا ہرٹز اور 3500 میگا ہرٹز کے اہم بینڈ شامل ہیں جو جدید فائیو جی اور ہائی اسپیڈ موبائل براڈ بینڈ سروسز کیلئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، ٹیلی کمیونی کیشن ماہرین کے مطابق ان بینڈز کی دستیابی کے بعد موبائل آپریٹرز نہ صرف فائیو جی سروس متعارف کراسکیں گے بلکہ موجودہ فور جی نیٹ ورک کو بھی مزید بہتر اور مستحکم بناسکیں گے، پی ٹی اے کے مطابق اس نیلامی میں ملک کی بڑی موبائل ٹیلی کمیونی کیشن کمپنیاں شرکت کریں گی جن میں جاز، یوفون اور زونگ شامل ہیں جبکہ یہ کمپنیاں پہلے ہی فائیو جی ٹیکنالوجی کے ابتدائی ٹرائلز اور نیٹ ورک اپ گریڈیشن کے حوالے سے مختلف اقدامات کر چکی ہیں اور توقع ظاہر کی جارہی ہے کہ نیلامی کے بعد بڑے شہروں میں مرحلہ وار فائیو جی سروس کا آغاز کیا جائے گا۔فائیو جی ٹیکنالوجی کے نفاذ سے انٹرنیٹ کی رفتار موجودہ فور جی کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ ہو جائے گی اور صارفین کو ہائی ڈیفینیشن ویڈیو اسٹریمنگ، آن لائن گیمنگ، کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور دیگر جدید ڈیجیٹل خدمات تک انتہائی تیز رفتار رسائی حاصل ہو سکے گی، ماہرین کے مطابق فائیو جی نیٹ ورک کے ذریعے اسمارٹ سٹیز، خودکار ٹریفک مینجمنٹ سسٹم، انٹرنیٹ آف تھنگز، مصنوعی ذہانت اور جدید صنعتی آٹومیشن کے شعبوں میں نمایاں ترقی ممکن ہوسکے گی جس سے ملک میں ٹیکنالوجی کے فروغ اور صنعتی جدت کو نئی رفتار ملے گی۔فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی سے حکومت کو نمایاں مالی آمدن حاصل ہونے کی توقع ہے جبکہ اس کے ساتھ ٹیلی کمیونی کیشن سیکٹر میں اربوں روپے کی نئی سرمایہ کاری کے امکانات بھی روشن ہوں گے، اقتصادی ماہرین کے مطابق فائیو جی ٹیکنالوجی کے نفاذ سے پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کو نئی سمت ملے گی اور آئی ٹی، ای کامرس، فن ٹیک اور ڈیجیٹل سروسز کے شعبوں میں غیر معمولی ترقی ممکن ہوسکے گی، ماہرین کا کہنا ہے کہ فائیو جی کے آغاز کے بعد انٹرنیٹ کے استعمال میں مزید نمایاں اضافہ ہوگا جبکہ ڈیجیٹل خدمات کی طلب بھی تیزی سے بڑھے گی، ٹیلی کمیونی کیشن ماہرین کے مطابق فائیو جی ٹیکنالوجی کے ذریعے صنعتی ترقی، جدید مواصلاتی نظام اور ڈیجیٹل کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، فائیو جی ٹیکنالوجی کے آغاز سے ڈیجیٹل پاکستان کے وژن کو عملی جامہ پہنانے میں مدد ملے گی جبکہ آئی ٹی اور ڈیجیٹل سروسز کے شعبے میں پاکستان کی عالمی مسابقتی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا، ماہرین کے مطابق اگر فائیو جی انفراسٹرکچر کو مؤثر انداز میں نافذ کیا گیا تو پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے اور ملکی معیشت کو ایک نئی رفتار مل سکتی ہے، 10 مارچ کو نیلامی کا عمل مکمل ہونے کے بعد کامیاب کمپنیوں کو فائیو جی نیٹ ورک کے قیام اور اس کے بنیادی ڈھانچے کی تنصیب کے لیے مقررہ مدت دی جائے گی جس کے دوران وہ بڑے شہروں سے آغاز کرتے ہوئے مرحلہ وار پورے ملک میں فائیو جی سروس کو وسعت دیں گی جبکہ ٹیلی کمیونی کیشن ماہرین کا کہنا ہے کہ فائیو جی نیٹ ورک کی بدولت نہ صرف شہری علاقوں بلکہ دور دراز علاقوں میں بھی جدید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی ممکن ہو سکے گی جس سے ڈیجیٹل تقسیم کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور ملک میں ٹیکنالوجی کے فروغ کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

بقیہ نمبر 10

نظر پنجاب کے تمام تعلیمی ادارے آن لائن موڈ پر منتقل کر دیے گئے، گریڈ 8 کے امتحانات شیڈول کے مطابق ہوں گے، سکول بیسڈ اسسمنٹ کا عمل بھی متاثر نہیں ہوگا۔رانا سکندر حیات کا کہنا تھا کہ بورڈ امتحانات بھی شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے، تعلیمی ادارے بند رہیں گے، تاہم کلاسز آن لائن لی جاسکیں گی۔دوسری جانب تعلیمی ادارے 10 مارچ سے 31 مارچ تک بند رکھے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 11

کرنے والے ادارے فیول کوٹی سے مستثنیٰ ہوں گے۔معاون خصوصی نے بتایا کہ سرکاری دفاتر میں 50 فیصد ورک فرام ہوم پالیسی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، وی آئی پی پروٹوکول گاڑیوں اور ہیلی کاپٹر کے غیر ضروری استعمال میں بڑی کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ سرکاری اخراجات میں کفایت شعاری، غیر ضروری تقریبات اور سرکاری ڈنرز پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جمعہ کے دن تعلیمی ادارے بند رکھنے کی تجویز ہے تاکہ فیول استعمال میں کمی لائی جاسکے۔شفیع جان نے کہا کہ پٹرول پمپس کی روزانہ مانیٹرنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، کسانوں اور گندم کٹائی کے لئے ڈیزل کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 12

تیل کا تقریبا 30 فیصد بنتا ہے۔پاکستان کیلیے یہ صورتحال خاص طور پر تشویشناک ہے، کیونکہ اس کی تقریبا 2 تہائی ایل این جی سپلائی اسی راستے سے آتی ہے۔ماہرین کے مطابق عالمی منڈی میں تیل کی قیمت میں ہر 10 ڈالر اضافے سے پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں سالانہ ڈیڑھ سے 2 ارب ڈالر تک اضافہ ہوسکتا ہے۔ماہرین کے مطابق صورتحال میں پاکستان کیلیے مقامی توانائی وسائل کی ترقی قومی ترجیح بن چکی ہے۔تھر کے کوئلے کے ذخائر کو ملک کا سب سے اہم توانائی اثاثہ قرار دیا جارہا ہے، جن کے اندازاً ذخائر 175 سے 186 ارب ٹن تک بتائے جاتے ہیں۔مالی سال 25-2024 میں پاکستان کی مقامی کوئلہ پیداوار 19.1 ملین ٹن تک پہنچ گئی، جو 2 سال قبل تقریبا 12 ملین ٹن تھی۔رپورٹس کے مطابق 2026 کے آغاز تک تھر کے کوئلے سے بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 3,300 میگاواٹ تک پہنچ چکی ہے۔ماہرین کے مطابق عالمی بحران کے دوران فرنس آئل یا ایل این جی سے پیدا ہونیوالی بجلی کی قیمت 50 روپے فی یونٹ تک پہنچ سکتی ہے، جبکہ تھر کوئلے سے بجلی تقریبا 5 سے 8 روپے فی یونٹ میں پیدا کی جاسکتی ہے۔توانائی ماہرین نے کہا کہ پاکستان کا ری گیسیفائیڈ ایل این جی پر بڑھتا انحصار ماضی میں مہنگے معاہدوں اور شرائط کی وجہ سے مسائل پیدا کرتا رہا ہے۔موجودہ صورتحال میں سپلائی کی غیر یقینی صورتحال نے پالیسی کے خطرات کو مزید واضح کردیا ہے، ماہرین تجویز دیتے ہیں کہ گیس پر چلنے والے پاور پلانٹس کو ثانوی حیثیت دی جائے اور محدود گیس کو برآمدی صنعتوں کیلیے مختص کیا جائے، تاکہ معیشت کو سہارا مل سکے۔ماہرین کے مطابق حکومت کو توانائی کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کرنا ہوگا۔اقتصادی تجزیہ کاروں کے مطابق اگر مشرق وسطیٰ کی کشیدگی طویل ہوگئی تو بلند تیل قیمتیں پاکستان کیلیے مہنگائی، ٹیکس وصولیوں اور صنعتی پیداوار پر شدید دباؤ ڈال سکتی ہیں، ایسے میں تھر کوئلے سمیت مقامی توانائی ذرائع کو تیزی سے ترقی دینا اور متبادل بندرگاہوں اور توانائی منصوبوں کو فعال کرنا اہم تقاضا بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 13

ایک ہی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے۔اجلاس میں سمیڈا بورڈ کے ممبر مشہود علی خان نے نئے اقدامات پر بریفنگ دی، معاون خصوصی نے واضح کیا کہ سمیڈا ان کلسٹرز کو ویلیو ایڈیشن، برانڈنگ اور برآمدی ترقی کی تربیت فراہم کرے گا تاکہ مقامی مصنوعات بین الاقوامی معیار کا مقابلہ کرسکیں۔انہوں نے ایس ایم ای سیکٹر کو ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سے نہ صرف کاروباری مواقع بڑھیں گے بلکہ روزگار کی فراہمی اور صنعتی ترقی میں بھی تیزی آئے گی۔

بقیہ نمبر 14

گئی ہے۔کمیٹی وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری کی ہدایت پر تشکیل دی گئی۔وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری کے مطابق کمیٹی کا مقصد پورٹ قاسم میں سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانا ہے، زمین سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کا جائزہ لے کر سفارشات بورڈ کو پیش کی جائیں گی۔وفاقی وزیر کے کمپلینٹ سیل اور پورٹ قاسم اتھارٹی کو موصول شکایات پر کارروائی ہوگی۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ شکایات اور درخواستوں کے حل کیلیے معیاری طریقہ کار تیار کیا جائے گا، میری ٹائم اور لاجسٹکس سیکٹر میں سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا۔

بقیہ نمبر 15

خارجہ ایران، اسرائیل جنگ اور عرب ممالک پر حملوں کے حوالے سے موقف بیان کر چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ عرب اسلامی ممالک میں مقیم پاکستانی وہاں کے قوانین کی مکمل پابندی کریں، ایران ہمارا پڑوسی ہے اور سعودی عرب میں ہمارے مقدسات ہیں۔چیئرمین پاکستان علما کونسل کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل برادر اسلامی ممالک کے درمیان معاملات کی بہتری کیلیے کوشاں ہیں، اسلام اور مسلمان دشمن اس جنگ کو امت کے درمیان فرقہ وارانہ جنگ بنانا چاہتے ہیں۔حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے فرقہ وارانہ تصادم کیلیے سازشیں کی جارہی ہیں، تمام مکاتب فکر کی قیادات اور عوام کو پیغام پاکستان ضابطہ اخلاق پر عمل کرنا چاہیے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ قومی یا عوامی املاک کو جلانا یا ملک میں پرتشدد فضا پیدا کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 16

پولیس کے 34 مقابلے ہوئے، فائرنگ کے تبادلے میں 47 زخمی ڈاکوؤں سمیت 63 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان سے 52 مختلف اقسام کا غیر قانونی اسلحہ 1 کار اور 23 موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں۔پولیس نے گزشتہ ہفتے کے دوران کراچی کے ایسٹ، ویسٹ اور ساؤتھ زونز میں مجموعی طور پر 1234 سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا۔پولیس کی جانب سے منشیات کیخلاف جاری مہم اور پولیس مقابلوں کے دوران مختلف علاقوں سے لاکھوں روپے مالیت کی 9 کلو 75 گرام چرس، 2 کلو 424 گرام آئس/کرسٹل اور ہیروئن برآمد کی گئی۔گرفتار ملزمان سے شہریوں سے لوٹ مار اور دیگر وارداتوں میں استعمال شدہ 111 سے زائد مختلف اقسام کا غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔کراچی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر چھینی و چوری شدہ 31 موٹرسائیکلیں اور 3 بڑی گاڑیاں برآمد کی۔کراچی پولیس کی جانب سے جرائم کے خاتمے، امن وامان کی بحالی اور عوام کے تحفظ کیلئے کیے جانے والے اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ نمبر 17

عالمی تیل کی قیمتوں میں تاریخی اضافے کے بعد پاکستان میں مہنگائی کی نئی لہر کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔چیز سکیورٹیز کی اتوار کو جاری ہونے والی ایک تحقیقی رپورٹ کے مطابق اگر عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر جاتی ہیں، تو آنے والے مہینوں میں پاکستان میں مہنگائی کی شرح 9 سے 11 فیصد تک بڑھ سکتی ہے۔رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور آبنائے ہرمز کی بندش کی وجہ سے توانائی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جو براہ راست پاکستان کی معیشت پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔چیز سکیورٹیز پاکستان کی رپورٹ کے مطابق اگر خام تیل کی قیمتیں مسلسل 100 ڈالر فی بیرل پر برقرار رہتی ہیں، تو اس سے پاکستان کے کنزیومر پرائس انڈیکس یعنی افراط زر میں 2.8 سے 3.7 فیصد تک کا اضافہ ہو سکتا ہے۔رپورٹ کے مطابق، برینٹ کروڈ کی قیمت جو 2026 کے آغاز میں تقریبا 68.70 ڈالر فی بیرل تھی، 8 مارچ تک بڑھ کر 92.69 ڈالر فی بیرل ہو چکی ہے، جو کہ تقریبا 35 فیصد کا بڑا اضافہ ہے۔اس ہفتے کے دوران برینٹ خام تیل کی قیمت ایک موقع پر 94.51 ڈالر فی بیرل کی بلند ترین سطح کو بھی چھوگئی۔دریں اثنا، ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت بڑھ کر 90.90 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی، جس نے فیوچر ٹریڈنگ کی تاریخ میں تقریبا 35.6 فیصد کا اپنا سب سے بڑا ہفتہ وار اضافہ ریکارڈ کیا ہے۔عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اس اچانک اضافے نے پاکستان کو پہلے ہی مجبور کر دیا ہے کہ وہ اس کا بوجھ مقامی صارفین (عوام) پر منتقل کر دے۔رپورٹ کے مطابق، پاکستان کے کنزیومر پرائس انڈیکس پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کے براہ راست اور بالواسطہ اثرات بنیادی طور پر ٹرانسپورٹ اور خوراک کی لاگت کے ذریعے مرتب ہوں گے۔

بقیہ نمبر 18

میں بھارت کے 4، انگلینڈ اور جنوبی افریقا کے 2،2 جبکہ زمبابوے اور ویسٹ انڈیز سے ایک، ایک پلیئر شامل کیا گیا ہے۔ٹی 20 ورلڈکپ کی ٹیم میں فائنل کھیلنے والی نیوزی لینڈ کا کوئی پلیئر شامل نہیں ہے جبکہ ایونٹ جیتنے والی بھارتی ٹیم کے سنجو سمسن، ایشان کشن، پانڈیا اور جسپریت بمرا شامل ہیں۔انگلینڈ کے ول جیکس اور عادل رشید، جنوبی افریقا کے لنگی اینگیڈی اور مارکرم، زمبابوے کے بلیسنگ مزرابانی اور ویسٹ انڈیز کے شیمرون ہٹمائر بھی ٹیم کا حصہ ہیں۔میگا ایونٹ کی ٹیم میں 12 ویں کھلاڑی کے طور پر امریکا کے شاڈلے وان شالکوائک کو شامل کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 19

کرنے کی اپیل کی۔اداکارہ نے انسٹاگرام پر شیئر کیے گئے متعدد پیغامات میں لکھا کہ وہ سمجھتی ہیں کہ بعض اوقات معاشی یا سیاسی حالات کے باعث مشکل فیصلے کرنا پڑتے ہیں، اور اگر ملک جنگی صورتحال سے گزر رہا ہو تو مشکلات بڑھ سکتی ہیں۔تاہم ان کا کہنا تھا کہ ایسے حالات میں ان لوگوں کے بارے میں بھی سوچنا ضروری ہے جن کے گھروں کا نظام روزانہ کی کمائی سے چلتا ہے۔ماہا علی کے مطابق بہت سے افراد ایسے ہیں جن کے پاس صرف موٹر سائیکل ہوتی ہے اور وہ روزانہ کام کرکے ہی اپنے خاندان کا پیٹ پالتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب ایندھن کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو اس کا براہ راست اثر ان لوگوں پر پڑتا ہے جو روزانہ سفر کرکے اپنی روزی کماتے ہیں۔اداکارہ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ رمضان المبارک کے مہینے میں عوام کسی حد تک ریلیف کی امید رکھتے ہیں کیونکہ بہت سے خاندان پہلے ہی بڑھتے اخراجات کے باعث شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں۔ان کے مطابق بہت سے لوگوں کی تنخواہیں یا یومیہ آمدنی اتنی نہیں کہ وہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کا بوجھ آسانی سے برداشت کرسکیں، جبکہ اکثر افراد کے لیے گھر بیٹھنا ممکن نہیں کیونکہ انہیں اپنے خاندان کی کفالت کے لیے کام جاری رکھنا پڑتا ہے۔ایک اور پیغام میں ماہا علی نے حکومت کی جانب سے ایندھن کے ذخائر سے متعلق دی جانے والی وضاحت پر بھی سوال اٹھایا۔ان کا کہنا تھا کہ اگر حکومت یہ کہتی ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کے ذخائر صرف چند دن کے لیے باقی ہیں تو پھر قیمتوں میں اچانک اضافہ اس مسئلے کو کیسے حل کرسکتا ہے۔انہوں نے سوال کیا کہ اگر پٹرول کی قلت ہے تو کیا قیمت بڑھانے سے اچانک سپلائی بھی بڑھ جائے گی؟انہوں نے مزید کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی اور روزمرہ کے اخراجات سے پریشان ہیں اور ایسے مقدس مہینے میں لوگ مزید مالی دباؤ کے بجائے کچھ ریلیف کی امید رکھتے ہیں۔اپنے پیغام کے اختتام پر اداکارہ نے سوال اٹھایا کہ آخر عوام پر بوجھ کب تک بڑھایا جاتا رہے گا؟

بقیہ نمبر 20

قائدآباد سے جانے والے آئل ٹینکر کا ٹائر پھٹ گیا۔پولیس کے مطابق آئل ٹینکر کا عملہ ٹائر بدلنے میں مصروف تھا کہ اس دوران وہاں 2 ڈاکو پہنچے۔پولیس کے مطابق دونوں ڈاکوؤں نے آئل ٹینکر سے 80 لیٹر پٹرول نکال لیا اور عملے سے نقدی بھی چھین کر فرار ہوگئے۔پولیس کے مطابق ڈاکوؤں کے خلاف مقدمہ درج کرکے ان کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 21

تمام تجارتی و کاروباری مراکز اور مارکیٹیں افطار سے قبل تک بند رہیں گی۔خصوصی طور پر جلوس کے راستوں میں آنے والی تمام مارکیٹیں حفاظتی نقطہ نظر سے مکمل طور پر بند رہیں گی۔انہوں نے تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے اس بندش پر سختی سے عمل کریں۔جلوس کے پرامن اختتام اور نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد تمام کاروباری مراکز حسب معمول کھول دیے جائیں گے جو رات دیر تک کھلے رہیں گے۔محمد اسماعیل لالپوریہ نے تاجروں سے درخواست کی ہے کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے شہر میں امن وسکون کے قیام کو یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 22

اور جدہ کی 2 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ذرائع کے مطابق منسوخ ہونے والی پروازوں میں ایئربلیو، اتحاد ایئر، ایئر عربیہ، پی آئی اے، ایئر بلیو، فلائی دبئی، قطر ایئر اور فلائی جناح سمیت دیگر ملکی و غیر ملکی ایئرلائنز شامل ہیں۔ایئرپورٹ ذرائع نے کہا کہ گزشتہ 10 دنوں کے دوران پاکستان سے مشرق وسطیٰ کے ممالک کے لیے منسوخ ہونے والی پروازوں کی تعداد 1100 سے تجاوز کر چکی ہے۔ذرائع کے مطابق 28 فروری سے یو اے ای، قطر، بحرین، کویت اور ایران کی فضائی حدود بند ہونے کے باعث ایئرلائنز کو پروازیں منسوخ کرنا پڑ رہی ہیں، تاہم ایمریٹس، فلائی دبئی، ایئر عربیہ اور اتحاد ایئر نے محدود پیمانے پر دوبارہ پروازیں شروع کردی ہیں۔

بقیہ نمبر 23

پٹرول کی قیمت کے حوالے سے بڑا انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ تیل کی قیمتیں بڑھانے کے معاملے میں مجھے کرپشن کی بو آرہی ہے۔خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر بہت زیادہ مانیٹرنگ کرتے تو کوئی ذخیرہ اندوزی نہیں کرتا۔مفتاح اسماعیل نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے سے تو بہتر تھا ٹیکس بڑھا دیتے، پیٹرول، ڈیزل 55 روپے مہنگا کرنے سے پاکستان میں بہت مہنگائی آئے گی۔انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ آنے والی مہنگائی سے پاکستان کے عوام مزید پسے گی، قیمتیں ہی بڑھانی تھیں اس کا بوجھ حکومت کو خود اٹھانا چاہیے تھا۔سابق وزیرخزانہ نے کہا کہ معلوم نہیں کیوں پٹرول کی قیمتیں بڑھانے کے معاملے میں مجھے کرپشن کی بو آرہی ہے، ایسا لگتا ہے پٹرول کی قیمت بڑھا کر حکومت کی طرف سے پی ایس او سمیت باقی پیٹرولیم کمپنیوں کو تحفہ دیا گیا ہے۔مفتاح اسماعیل نے مزید کہا کہ جب سستا پٹرول خریدا تھا تو اسی قیمت پر فروخت کرنا چاہیے تھا، جب مہنگا پٹرول خریدتے تو پھر قیمتیں بڑھا دیتے۔

بقیہ نمبر 24

اریب عرف مشتاق اور مزمل شامل ہیں، محمد اریب عرف مشتاق کا تعلق بھتہ مافیا کے سرغنہ اسامہ جمیل اور عبدالصمد کاٹھیاواڑی گروپ سے بتایا جاتا ہے۔سندھ رینجرز کے مطابق ملزم اپنے ساتھی ممتاز عرف مانی اور اصغر کے ساتھ مل کر دکانداروں اور دیگر کاروباری افراد سے بھتہ وصول کرنے میں ملوث رہا ہے، اس کے دونوں ساتھی ممتاز اور اصغر اس سے قبل بھی گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں۔ترجمان نے کہا کہ اپنے ساتھیوں کی گرفتاری کے بعد ملزم محمد اریب عرف مشتاق شہر کے مختلف علاقوں میں روپوش رہا جبکہ گرفتار ملزم مزمل بھتہ مافیا کے سرغنہ بہادر پی ایم ٹی کا قریبی ساتھی ہے اور وہ اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ مختلف کاروباری افراد سے بھتہ وصولی میں ملوث رہا ہے۔دوران تفتیش یہ انکشاف بھی ہوا ہے کہ یہ گروہ بھتے کے ذریعے حاصل کی گئی رقم کو حوالہ ہنڈی کے غیر قانونی راستے سے بیرون ملک منتقل کرنے میں بھی ملوث ہے۔رینجرز حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے دیگر مفرور ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

علی نے بلاول ہاؤس میں ملاقات کی، ملاقات میں سینیٹ سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔پاکستان پیپلز پارٹی کے سے سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کے معاون خصوصی سلیم بلوچ نے ملاقات کی اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دی۔سینیٹر سرمد علی نے بھی بلاول ہاؤس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، ملاقات میں سینیٹ سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ نمبر 26

گی، امتحانات شیڈول کے مطابق ہوں گے، سکول اور تعلیمی ادارے آن لائن کلاسز لے سکیں گی۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ شہریوں کی سہولت کے لئے ای بزنس اور مریم کی دستک کے تحت سروسز جاری رہیں گی، سرکاری امور کی انجام دہی کے لئے آن لائن اجلاس اور ٹیلی کانفرنسز منعقد ہوں گی، سرکاری آؤٹ ڈور تقریبات پر پابندی لگادی گئی، ہارس اینڈ کیٹل شو کا ثقافتی تہوار بھی ملتوی کر دیا گیا۔مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کی مانیٹرنگ کے لئے ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ پٹرولیم مانیٹرنگ کمیٹیاں قائم کرنے کا حکم دیا ہے، پی آئی ٹی بی کو پٹرولیم مصنوعات کے لئے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم تیار کرنے کا ٹاسک دے دیا گیا، ضلعی انتظامیہ، پولیس، پیرا اور دیگر اداروں کے نمائندے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم تیار کرنے والی ٹیم میں شامل ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ ورک فرام ہوم کے تحت صرف اضافی سپورٹ سٹاف کی آمدورفت بند کی جارہی ہے، دفاتر میں کام بند نہیں ہوگا، نجی سیکٹر کو ورک فرام ہوم، غیر ضروری تقریبات نہ کرنے اور صرف ضروری سٹاف بلانے کی ایڈوائزری ایشو کی جائے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے ہدایت کی ہے کہ تمام اضلاع میں ٹرانسپورٹ کرایوں کی سخت نگرانی کی جائے، زائد اور ناجائز کرائے وصول کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، پنجاب میں اشیائے خورونوش کی طلب و رسد کی سخت نگرانی کی جائے۔مریم نواز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ بحرانی صورتحال کے پیش نظر عوام آؤٹ ڈور فنکشن نہ کریں، ہنگامی حالات کے پیش نظر عوام لیٹ نائٹ شاپنگ سے گریز کریں، ضروری اشیا کی غیر ضروری خریداری یا ذخیرہ نہ کریں۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مشکل ترین بحران میں جرأتمندانہ فیصلوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مشکل حالات میں قوم کی مجبوری کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے، بہادر قومیں مشکل حالات کا اتحاد، صبر اور دانشمندی سے مقابلہ کرتی ہیں۔

بقیہ نمبر 27

گمراہ کن الزامات لگانے اور ساکھ متاثر کرنے کے مقدمے کی سماعت سینئر سول جج عباس شاہ نے کی۔سماعت کے دوران عدالت میں عدم حاضری پر جج نے سہیل آفریدی کے دوبارہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا۔عدالت نے کیس کی مزید سماعت 26 مارچ تک ملتوی کر دی۔واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت این سی سی آئی اے نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ نمبر 28

روز کے دوران مجموعی طور پر 868 افراد وطن واپس پہنچے۔حکام کے مطابق ایران سے تفتان بارڈر کے ذریعے آج 305 افراد وطن پہنچ گئے، تفتان بارڈر کے ذریعے 9 روز کے دوران مجموعی طور پر 2816 افراد واپس پہنچے ہیں۔گبد یمان بارڈر اور تفتان بارڈر سے مجموعی طور پر 9 روز کے دوران 3684 افراد وطن واپس پہنچے ہیں، وطن واپس پہنچنے والوں میں طلبہ، بزنس مین اور سیاح بھی شامل ہیں۔حکام کے مطابق پاک ایران سرحد پر کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لئے ضلعی انتظامیہ الرٹ ہے۔

بقیہ نمبر 29

2022 میں روس کے یوکرین پر حملے کے بعد سب سے زیادہ ہے، جب خام تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے کہیں اوپر چلی گئی تھی۔ماہرین کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جنگ طویل ہوئی تو تیل 150 ڈالر فی بیرل تک جا سکتا ہے۔دوسری جانب عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں 3 فیصد کمی دیکھنے میں آئی ہے، عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 157 ڈالرز کی کمی سے 5023 ڈالرز فی اونس ہوگیا ہے۔

بقیہ نمبر 30

کو ایک دوسرے کے سامنے کھڑا کیا جارہا ہے، ملک میں جھوٹ کے ذریعے انتشار برپا کیا گیا اور عوام پر ایک جعلی جھوٹی حکومت مسلط کردی گئی۔سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ املاک کا نقصان نہ عرب ممالک میں ہونا چاہیے نہ دیگر ملکوں میں، اب سب کو اکٹھے بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا ہے، سب کو مذاکرات کی میز پر بیٹھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہوش کے ناخن لیے جائیں ماضی میں جو غلطی کی گئی وہ نہ دہرائی جائے، ایک دن قبل لوگوں کو غیر موجودگی میں سزائیں سنائی گئی، مجموعی طور پر سنائی جانے والی سزائیں 50 50 سال تک پہنچ گئیں۔پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ 55 روپے فی لیٹر پٹرول میں اضافہ عندیہ ہے کہ ہمارے ساتھ آگے کیا ہونے والا ہے، خطے میں کسی اور ملک میں اتنی قیمت نہیں بڑھی جبکہ ہمارے ہاں اشرافیہ نے اس موقع کو غنیمت جانا اور اپنی شاہ خرچی کم کرنے کے بجائے بوجھ عوام پر ڈال دیا۔انہوں نے کہا کہ اشرافیہ اپنی شاہ خرچی اور عیاشیوں کیلئے مہنگے جہاز خرید رہی ہے جن پر ماہانہ کروڑوں روپے کے اخراجات آئیں گے، ہمیں اس نظام کو بدلنا ہوگا، یہ وقت ہے جب ماضی پر نظر ڈالنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 31

سے لیا جارہا ہے اور پولیس بڑی تعداد میں وسائل استعمال کرتے ہوئے تحقیقات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سفارتی مشن کی سکیورٹی ناروے کے لیے انتہائی اہم ہے اور اس واقعے کی تحقیقات پولیس کر رہی ہے

بقیہ نمبر 32

سے متعلق سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ ملکی صورت حال سب کے سامنے ہے اور پاکستان اس وقت حالت جنگ میں ہے۔پاکستان اور افغانستان کے درمیان باقاعدہ لڑائی کی صورت حال ہے، افغانستان کے پاس جدید جنگی طیارے یا بم نہیں ہیں، تاہم کم عمر لڑکوں کو استعمال کرتے ہوئے خودکش حملے کروائے جارہے ہیں۔ایسی صورت حال میں سکیورٹی کی پیش نظر پولیس ناکے قائم کرنا مجبوری بن جاتے ہیں تاکہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 33

نان امیگرنٹ ویزا اپائنٹمنٹس منسوخ کردی گئی ہیں۔امریکی سفارتخانے کے مطابق درخواست دہندگان کو نئی اپائنٹمنٹ کے لیے ہدایات ای میل کے ذریعے دی جائیں گی۔ادھر امریکی شہریوں کیلئے معمول کی اور ایمرجنسی سروسز جاری رہیں گی۔واضح رہے کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی امریکی حملے میں شہادت اور پھر پاکستان کے مختلف شہروں میں ہونے والے پرتشدد مظاہروں کے بعد امریکی سفارتخانے نے پاکستان میں موجود امریکی قونصل خانوں میں اپنی سروسز بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔دوسری جانب پاکستان میں موجود امریکی شہریوں کو مقامی خبریں مانیٹر کرنے اور احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 34

موجودہ میری ٹائم صورتحال سے پوری طرح باخبر ہے، پاک بحریہ محفوظ راہداری یقینی بنانے کیلئے تجارتی جہازوں کی نقل وحرکت کی فعال نگرانی اور کنٹرول کر رہی ہے۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاکستان کی تقریبا 90 فیصد تجارت سمندر کے ذریعے ہوتی ہے، اہم سمندری راستوں کو محفوظ اور بلا تعطل رکھنے کے لئے آپریشن شروع کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کے جہاز اس وقت دو تجارتی جہازوں کو سکیورٹی فراہم کر رہے ہیں، ایک تجارتی جہاز آج کراچی پہنچنے والا ہے۔

بقیہ نمبر 35

خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے موٹر سائیکل سواروں کو 2200 روپے کا ریلیف دینا احسن اقدام ہے جس کی میں تعریف کرتا ہوں، پنجاب میں بھی مریم نواز کا 11 ارب کا جہاز فروخت کرکے عوام کو ریلیف دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ 1300 سی سی سے اوپر سرکاری گاڑیوں کے استعمال پر پابندی عائد کی جائے اور مفت پیٹرول کی سہولت ختم کی جائے۔حافظ نعیم نے اعلان کیا کہ جماعت اسلامی کا کوئی ٹاؤن ناظم 1300 سی سی سے بڑی سرکاری گاڑی استعمال نہیں کرے گا۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ عوام پر ہر ہفتے پیٹرول بم پھینکنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے، ہم اس پر بھرپور احتجاج اور مزاحمت کریں گے، انارکی اور انتشار نہیں پھیلانا چاہتے لہٰذا حکومت اپنے اقدامات فوری واپس لے، عید قریب آرہی ہے اور عوام کے چولہے ٹھنڈے ہیں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اس وقت جو ایران کیخلاف بات کررہا ہے وہ امریکا کا ایجنٹ ہے، امریکا، بھارت اور اسرائیل کے شیطانی اتحاد نے پوری دنیا کا امن تاراج کیا ہوا ہے، ایران کو برا کہنے والا امریکا اور اسرائیل کے لیئے کام کررہا ہے۔ایران کے حوالے سے ہماری پالیسی واضح ہونا چاہئے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان کو غزہ پیس بورڈ سے باہر آنا چاہئے، شہباز شریف ڈونلڈ ٹرمپ جیسے درندے اور وارکرمنل کو نوبل انعام کیلئے نامزد کرنے پر قوم سے معافی مانگیں۔ن لیگ، پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی ایران پر حملے کی مذمت تو کرتی ہیں لیکن براہ ٹرمپ امریکا اور اسرائیل کی نام لیکر مذمت نہیں کرتے۔سب لائن میں کھڑے ہیں کہ ٹرمپ ان کے سر پر ہاتھ رکھ دے۔حافظ نعیم نے کہا کہ ایران کی ریفائنریز پر امریکہ و اسرائیل حملہ کررہے ہیں، میں ایرانی قوم کو سلام پیش کرتا ہوں کہ وہ ڈٹے ہوئے ہیں، آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت نے پورے ایران کو متحد کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایران نے واضح کیا کہ وہ خلیجی ممالک میں کسی سولین پر اٹیک نہیں کرے گا، صرف ان امریکی اڈوں کو جہاں سے ایران پر حملہ ہوگا انہیں نشانہ بنایا جائے گا۔جنگ کو روکنے کیلئے روس اور چین کو اپنا کردار کرنا چاہئے۔حافظ نعیم نے کہا کہ میئر کراچی نے 400 کروڑ روپے کی لاگت سے تین سال میں کریم آباد پر انڈر پاس کے نام پر دو تنگ گلیاں بنائی ہیں، سندھ میں بدترین کرپشن کا بازار گرم ہے۔

بقیہ نمبر 36

میں فائیو جی سروس یقینی بنائیں گے کل 600 میگاہرٹز سپیکٹرم کی نیلامی ہوگی، 6 نئے بینڈ متعارف کرائے جا رہے ہیں، فائیو جی پہلے مرحلے میں اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں دستیاب ہوگا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک بھر میں فائیو جی سروسز کی فراہمی انفراسٹرکچر کی تکمیل پر منحصر ہوگی، 4 سے 6 ماہ میں فائیو جی صارفین کیلئے مکمل فعال ہوجائے گا۔

بقیہ نمبر 37

ہوگی، بیرون ملک سفر کی صورت میں تمام حکومتی عہدے دار صرف اکانومی کلاس میں سفر کریں گے، یہ پابندی سرکاری یا ڈونر فنڈنگ سے ہونے والے تمام دوروں پر لاگو ہوگی۔تمام سرکاری گاڑیوں کو اگلے 2 ماہ کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی، ایندھن کی کمی سرکاری بسوں، ایمبولینس، موٹر بائیکس وغیرہ جیسی آپریشنل گاڑیوں کے لیے نہیں ہوگی، ایندھن کی کمی سے وفاقی سطح پر ساڑھے چار ارب روپے کی بچت متوقع ہے۔وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ساٹھ فیصد سرکاری گاڑیاں دو ماہ کے لیے گراؤنڈ کی جائیں گی جب کہ جون 2026 تک تمام قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔حکومت کا رائٹ سائزنگ پروگرام جاری رکھنے کا فیصلہ ہے، آئندہ بجٹ میں حقیقی مالی بچت کے اہداف مقرر کیے جانے کا امکان ہے، اخراجات کم کرنے کے لیے ٹیلی کانفرنسنگ اور ورچوئل میٹنگز کو فروغ دیا جائے گا، سرکاری ضیافتوں پر پابندی عائد ہوگی صرف غیر ملکی وفود کے اعزاز کے لیے استثنیٰ حاصل ہوگا۔سرکاری سیمینارز، ٹریننگ اور کانفرنسز سے قبل خصوصی کمیٹی کی منظوری لازمی ہوگی، کمیٹی تقریب کی ضرورت اور ترجیح کا جائزہ لے گی، ایسی تقریبات کے لیے حکومتی آڈیٹوریم اور سرکاری سہولیات استعمال کرنے کی ہدایت کردی گئی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ وفاقی اور صوبائی کابینہ کے تمام وزرا، مشیر اور معاونین رضا کارانہ طور پر دو ماہ کی تنخواہ اور الاؤنسز چھوڑ دیں۔تمام وفاقی وصوبائی محکموں میں گریڈ 20 اور اوپر، تین لاکھ روپے سے زائد تنخواہ والے سرکاری افسروں کی دو دن کی تنخواہ کی کٹوتی کا فیصلہ کیا گیا۔اسی طرح تمام وفاقی اور صوبائی محکموں کے مالی سال کی چوتھی سہ ماہی کے غیر ترقیاتی بجٹ میں بیس فیصد کٹوتی کا اعلان کیا گیا، بجٹ کٹوتی سے وفاقی سطح پر 22 ارب روپے کی بچت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 38

اسلحہ اور بارودی مواد بھی برآمد ہوا ہے جبکہ مفرور دہشت گردوں کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 39

مصنوعات کی قیمتوں اور سپلائی کا جائزہ لیا۔کمیٹی نے اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کے ذخائر تسلی بخش سطح پر موجود ہیں، پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین معمول کے مطابق فعال ہے، جب کہ متعدد کارگو راستے میں ہیں۔وزیرخزانہ کو بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ حکومت نے آئندہ ہفتوں کیلئے مزید پٹرولیم کارگو کے انتظامات بھی کر لیے، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں شدید اتار چڑھاؤ دیکھا جارہا ہے، حکومت عالمی تیل مارکیٹ کی صورت حال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔دوسری جانب اجلاس میں توانائی کی طلب کم کرنے کیلئے مختلف بچت اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا، کمیٹی نے عوامی اور سرکاری سطح پر پٹرولیم مصنوعات کے محتاط استعمال پر زور دیا۔علاوہ ازیں ریفائنریز آپریشنز اور تیل کی درآمدات کے انتظامات کا بھی اجلاس میں جائزہ لیا اور پٹرول پمپس پر سپلائی کی نگرانی کیلئے صوبوں کے ساتھ رابطہ مزید مضبوط کرنے کا فیصلہ ہوا۔آخر میں اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 40

پروکیل مدعی نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے شہری سے ساڑھے 17 لاکھ روپے وصول کیے تھے۔جسٹس ہاشم کاکڑ نے متاثرہ شہری سے مکالمہ کرتے ہوئے پوچھا کہ کس ملک جانے کے لیے پیسے دیے تھے، شہری نے بتایا کہ یونان جانے کے لیے رقم ادا کی تھی۔اس موقع پر جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ یونان جا کر تم نے دربدر ہونا تھا، جوان آدمی ہو بہتر ہے یہیں ہی محنت مزدوری کرو، کشتیوں کے ذریعے بیرون ملک جاتے ہوئے کئی لوگ مر بھی جاتے ہیں۔عدالت نے استفسار کیا کہ کیا ملزم نے رقم لینے کے بعد شہری کو بیرون ملک بھجوایا؟، اس پر وکیل مدعی نے بتایا کہ نہ تو شہری کو بیرون ملک بھجوایا گیا اور نہ ہی رقم واپس کی گئی

بقیہ نمبر 41

سکتی ہے جس سے فضائی معیار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کی موجودہ صورتحال کے باعث ہوائیں آلودہ ذرات کو پاکستان کے مغربی حصوں کی طرف لے جاسکتی ہیں جس سے وہاں کی فضا مزید خراب ہوسکتی ہے۔ایران جو پاکستان کا مغربی ہمسایہ ملک ہے، 28 فروری کو ہونے والے حملوں کے بعد امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کی صورتحال میں ہے، ان حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کو ہلاک کردیا گیا تھا۔7 مارچ کو تہران میں آئل ریفائنریوں اور ایندھن کے ڈپو پر بڑے فضائی حملوں کے بعد شہر پر زہریلا دھواں چھا گیا جبکہ اتوار کو سیاہ اور تیل آلود بارش بھی رپورٹ ہوئی، تیل کی تنصیبات سے اٹھنے والے گھنے سیاہ دھوئیں نے کئی علاقوں میں سورج کی روشنی کو بھی مدھم کر دیا۔امریکی نشریاتی ادارے کے نمائندے فریڈرک پلیٹکن نے تہران کے شہران آئل ڈپو کی صورتحال کو قیامت خیز منظر قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہاں کی فضا میں سانس لینا انتہائی زہریلا محسوس ہورہا ہے۔ایرانی ریڈ کریسنٹ سوسائٹی نے بھی شہریوں کو صحت کے شدید خطرات سے خبردار کیا ہے اور کہا ہے کہ فضا میں خارج ہونے والی زہریلی گیسیں، سلفر اور نائٹروجن آکسائیڈ جلد اور پھیپھڑوں کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہیں۔دوسری جانب محکمہ موسمیات کے مطابق ایک مغربی سلسلہ پیر کی شام ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہوگا جو 12 مارچ تک برقرار رہ سکتا ہے، جس کے باعث مختلف علاقوں میں بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ خیبر پختونخوا کے اضلاع دیر، کوہستان، چترال، سوات، شانگلہ، بگرام، بونیر، مالاکنڈ، مانسہرہ، ایبٹ آباد اور ہری پور میں وقفے وقفے سے بارش اور تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کا امکان ہے جبکہ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش بھی ہوسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 42

کے منصوبے میں کسی تاخیر سے بچا جاسکے۔سفیر نے خاص طور پر قم میں مقیم پاکستانی شہریوں سے درخواست کی ہے کہ وہ فوری وطن واپسی کے لیے تعاون کریں۔انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کے بعد سفارت خانہ شہریوں کی روانگی کے انتظامات کو بلا تاخیر مکمل کرے گا۔دوسری طرف سعودی عرب میں تعینات پاکستان کے سفیر احمد فاروق نے اوورسیز پاکستانیوں سے کہا ہے کہ موجودہ علاقائی کشیدگی کے دوران صبر، نظم و ضبط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے کمیونٹی کو خبردار کیا کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں پر یقین نہ کریں اور صرف مستند ذرائع سے معلومات حاصل کریں۔

بقیہ نمبر 43

ہے۔اس موقع پر میں متحدہ عرب امارات کی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ موجودہ صورتحال میں ہم اپنے اماراتی بہنوں اور بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔وزیراعظم پاکستان اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی خصوصی ہدایات کے تحت سفارت خانہ پاکستان ابوظہبی اور قونصلیٹ جنرل آف پاکستان دبئی چوبیس گھنٹے آپ کی خدمت اور معاونت کے لیے مصروف عمل ہیں۔ہم نے دونوں مشنز میں خصوصی ڈیسک قائم کر دیے ہیں جو چوبیس گھنٹے فعال ہیں، تاکہ پاکستانی برادری کے اراکین کو فوری رہنمائی، رابطہ اور ضروری مدد فراہم کی جا سکے۔سفیر پاکستان نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے صدر، عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان سے گفتگو کی ہے

بقیہ نمبر 44

کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اور اس مسئلے پر روشنی ڈالی۔جانوروں کے ماہرین، رضا کار تنظیموں کے نمائندوں، معروف مذہبی علما اور ممتاز سماجی رہنماں نے بھی راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کی۔ماہرین نے تفصیل کے ساتھ کتوں کے کاٹنے کے بڑھتے ہوئے واقعات اور ریبیز کے کیسز میں اضافے کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو کتوں کے کاٹنے کے واقعات سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ماہرین اور نمائندوں نے ون ہیلتھ اپروچ کے تحت بڑے پیمانے پر ویکسینیشن کی حکمت عملی اور حکومت سندھ کے پہلے سے منظور شدہ اینٹی ریبیز پروگرام پر بھی تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے آئندہ ایسے واقعات اور کتوں کے کاٹنے کے کیسز سے بچنے کے لیے آوارہ کتوں کے مسئلے پر فوری کارروائی کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر 45

سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہم نے ہر ممکن کوشش کی کہ ہمیں ایوان میں بولنے دیں۔انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55 روپے اضافہ غیر آئینی و غیر قانونی ہے، آئل مارکیٹنگ کمپنی کا اپنا سٹاک رکھنا ہوتا ہے، اس وقت سٹاک نہیں تھا تو انہوں نے قیمت بڑھائی۔چیئرمین تحریک انصاف کا مزید کہنا تھا کہ 28 فروری کی تاریخ 15 مارچ تک تھی لیکن یہ غیر قانونی کام کیا گیا، عوام کا پیسہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے پاس نہیں جانا چاہیے تھا

بقیہ نمبر 46

روس تہران کے ساتھ کھڑا رہے گا۔امید ہے نئے سپریم لیڈر اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اس مشکل وقت میں ایرانی عوام کو متحد کرکے رکھیں گے۔

شرجیل میمن کا پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ کا نوٹس

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر کرایوں میں من مانا اضافہ عوام پر بوجھ کے مترادف ہے، صوبائی وزیر برائے اطلاعات

جو ٹرانسپورٹرز سرکاری منظوری کے بغیر کرایوں میں اضافہ کر رہے ہیں ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن

کراچی(اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ کا نوٹس لے لیتے ہوئے سیکریٹری ٹرانسپورٹ کو کرایوں کا از سر نو جائزہ لینے اور ضرورت کی صورت میں مناسب اور متوازن کرایوں کے تعین کرنے کی ہدایات کردی۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو کرایوں میں غیر قانونی اضافہ کرنے والوں ٹرانسپورٹرز کے خلاف کارروائی کے بھی احکامات جاری کئے۔ سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام کی زیر صدارت محکمہ ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ کا اہم اجلاس کراچی میں ہوا۔ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر کرایوں میں من مانا اضافہ عوام پر بوجھ کے مترادف ہے، کرایوں میں کسی بھی قسم کے اضافے کا اختیار صرف حکومت اور محکمہ ٹرانسپورٹ کو حاصل ہے، جو ٹرانسپورٹرز سرکاری منظوری کے بغیر کرایوں میں اضافہ کر رہے ہیں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

اسلام آباد: ایس ڈی جی 6.6.1 پر دوسرا قومی اسٹیک ہولڈر مشاورتی ورکشاپ سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں فریش واٹر ایکو سسٹمز کے تحفظ کے لیے مشترکہ اقدامات پر زور

ایس ڈی جی 6.6.1 پر دوسرا قومی اسٹیک ہولڈر مشاورتی ورکشاپ اسلام آباد میں منعقد کی گئی

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) پاکستان واٹر پارٹنرشپ (PWP) نے گلوبل چینج امپیکٹ اسٹڈیز سینٹر (GCISC) کے اشتراک سے پانی سے متعلقہ ماحولیاتی نظام (Freshwater Ecosystems) کے تحفظ اور بحالی کے لیے ایس ڈی جی 6.6.1 کے تحت دوسرا قومی اسٹیک ہولڈر مشاورتی ورکشاپ اسلام آباد میں منعقد کیا۔ ورکشاپ میں سرکاری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

ایران میں تیل کی تنصیبات پر حملوں کے بعد آلودہ ہوا پاکستان پہنچ سکتی ہے، محکمہ موسمیات

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان کے محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ ایران میں تیل کی تنصیبات پر حالیہ امریکی اور اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی آلودگی ہوا کے ذریعے پاکستان کے مغربی علاقوں تک پہنچ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے تعاون سے راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد

کراچی(اسٹاف رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) نے انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے تعاون سے پیر کے روز ایک راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد کیا، جس میں ریبیز کی بڑھتی ہوئی بیماری اور کیونٹیز میں آوارہ کتوں کی تعداد میں اضافے سے پیدا ہونے والے عوامی صحت کے مسئلے پر غور و خوض کیا گیا۔ اس کانفرنس کا مقصد تعمیری مکالمے کو فروغ دینا اور اس اہم مسئلے کے حل کے لیے عملی، پائیدار اور طویل المدتی اقدامات تیار کرنا تھا۔ کانفرنس میں یوسیف اور انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے صحت کے ماہرین اور عالمی پالیسی سازوں، حکومت سندھ اور متعلقہ بلدیاتی اداروں بشمول کراچی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

حکومت نے مشورہ کیے بغیر پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ کیا، یہ مہنگائی کا ایٹم بم ہے، فاروق ستار

اسلام آباد(ویب ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ حکومت نے مشورہ کیے بغیر پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ کیا، یہ مہنگائی کا ایٹم بم ہے۔ پیر کو پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمت میں 23 فیصد اضافہ ہوا جس کے اثرات سامنے آرہے ہیں، عظمی بخاری

لاہور(ویب ڈیسک) مشیر وزیر اعلی پنجاب پرائس کنٹرول سلمی بٹ کے ہمراہ صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمتوں میں 23 فیصد اضافہ ہوا ہے جس کے اثرات پڑ رہے ہیں اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

بیرون ملک بھیجنے کا کیس: جسٹس ہاشم کاکڑ کا متاثرہ شہری سے دلچسپ مکالمہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک) سپریم کورٹ میں بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر شہری سے رقم وصول کرنے والے ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، اس دوران عدالت کا متاثرہ شہری کے ساتھ دلچسپ مکالمہ ہوا۔ دوران سماعت جسٹس ہاشم کاکڑ نے استفسار کیا کہ ملزم نے کتنی رقم وصول کی، اس پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

چین کی ایران کے نئے سپریم لیڈر کو نشانہ بنانے کی مخالفت

ایران کے نئے سپریم لیڈر کی تقرری ایران کا آئینی فیصلہ ہے، ایران کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سلامتی کا احترام کیا جانا چاہیے، چین

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے قریبی ساتھی و ری پبلکن سینیٹر لنزے گراہم نے ایران کے نومنتخب سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو دھمکی دے دی

بیجنگ(ویب ڈیسک) چین نے ایران کے نئے سپریم لیڈر کو نشانہ بنانے کی کسی بھی کوشش کی مخالفت کر دی۔ ایران میں آیت اللہ خامنہ ای کے بیٹے کی بطور نئے سپریم لیڈر تقرری پر چین نے ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے نئے سپریم لیڈر کی تقرری ایران کا آئینی فیصلہ ہے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ چین دوسرے ممالک کے داخلی امور میں کسی بھی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

پاکستان میں فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی 10 مارچ کو ہوگی

پی ٹی اے نے تمام تیاریاں مکمل کر لیں، جاز، یوفون اور زونگ کی شریک ہونگی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان میں جدید ٹیلی کمیونی کیشن ٹیکنالوجی کے ایک نئے دور کے آغاز کی راہ ہموار ہو گئی ہے اور ملک میں فائیو جی اسپیکٹرم کی تاریخی نیلامی 10 مارچ کو منعقد کی جائے گی جس کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں، اس نیلامی کے ذریعے پاکستان میں انتہائی تیز رفتار انٹرنیٹ اور جدید ڈیجیٹل خدمات کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا اور یہ پیش رفت ملک کے ٹیلی کمیونی کیشن سیکٹر کے لیے ایک اہم سنگ میل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

جامشورو: 15 دن قبل اغوا ہوئی 14 سالہ لڑکی بازیاب

کارروائی کے دوران بین الصوبائی گروہ کی 2 اغوا کار خواتین کو بھی گرفتار کیا گیا، پولیس حکام

جامشورو(ویب ڈیسک) سیہون پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے 15 دن قبل اغوا ہونے والی 14 سالہ لڑکی کو بازیاب کروالیا۔ سیہون پولیس کے مطابق پولیس نے خیرپور کے کچے سے مغویہ نائلہ چانڈیو کو بحفاظت بازیاب کروایا، 14 سالہ لڑکی کو اغوا کاروں نے 10 لاکھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

لیاقت آباد پیدل پل پر غیر قانونی تجاوزات کراچی میں انسداد تجاوزات کے حکام کی غفلت کو اجاگر کرتی ہیں

پنجاب کے تعلیمی ادارے بھی 31 مارچ تک بند رہیں گے

لاہور(ویب ڈیسک) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا کہ پنجاب کے تعلیمی ادارے بھی 31 مارچ تک بند رہیں گے۔ آن لائن منتقلی کا اعلان وزیر تعلیم نے اپنی ٹویٹ کے ذریعے کیا، ان کا کہنا تھا کہ معاشی بحران کے پیش ....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

اسٹاک ایکسچینج میں تاریخ کی دوسری بڑی گراوٹ پر کاروبار کا اختتام

کاروباری ہفتے کے پہلے روز ہی کاروبار کے آغاز پر اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی دیکھنے میں آئی

کراچی(ویب ڈیسک) ایران جنگ کے اسٹاک مارکیٹس پر اثرات واضح نظر آنے لگے ہیں، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ٹریڈنگ کا اختتام تاریخ میں دوسری بار ریکارڈ گراوٹ سے ہوا اور ہنڈرڈ انڈیکس سال کی دوسری بدترین مندی سے 11 نفسیاتی حدیں کھو بیٹھا۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز ہی کاروبار کے آغاز پر اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی دیکھنے میں آئی۔ پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ کے دوران 9780 پوائنٹس کی کمی کے ساتھ ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

کویت نے تیل کی پیداوار میں احتیاطی کمی کر دی، عرب میڈیا

کویت سٹی(ویب ڈیسک) عرب میڈیا کے مطابق کویت نے تیل کی پیداوار میں احتیاطی تدابیر کے طور پر کمی کر دی۔ کویت حکام کے مطابق حالیہ کشیدگی اور ایران کی جانب سے حملوں کے خطرات کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

کراچی: جھیل پورہ روڈ پر مقامی حکومت کی نگرانی میں تعمیراتی منصوبے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں

مشرق وسطی میں کشیدگی، پاکستان کو توانائی بحران کا خدشہ

آبنائے ہرمز بند ہونے سے توانائی پر انحصار کرنیوالے ممالک کو مشکلات کا سامنا، ماہرین

کراچی(ویب ڈیسک) امریکا و اسرائیل کے ایران پر حملوں کے بعد عالمی توانائی کی ترسیل کے نظام کی کمزوری واضح ہو گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق قطر انرجی کی جانب سے اسپاٹ کارگو کی ترسیل روکنے اور ایران کی طرف سے آبنائے ہرمز بند کرنے کی دھمکی کے باعث توانائی پر انحصار کرنیوالے ممالک کیلیے سنگین خطرات پیدا ہوگئے ہیں۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہ ہے جہاں سے روزانہ تقریبا 2 کروڑ بیرل تیل گزرتا ہے، جو عالمی سمندری تجارت ہونیوالے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

پختونخوا سرکاری محکموں میں 50 فیصد ورک فرام ہوم

وزیراعلی کی ہدایات پر 2 ماہ کیلئے فیول بچت اقدامات نافذ ہوں گے، بچت اقدامات میں توسیع صورتحال کے تجزیے کے بعد ہوگی

سرکاری اخراجات میں کفایت شعاری، غیر ضروری تقریبات اور سرکاری ڈنرز پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے، معاون خصوصی اطلاعات

پشاور(ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا میں سرکاری محکموں کی میٹنگز کو 100 فیصد ورچوئل کرنے اور سرکاری اداروں میں 50 فیصد ورک فرام ہوم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلی خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی اطلاعات شفیع جان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ صوبائی کابینہ نے فیول کنزرویشن اور ریسپانسبل گورننس انیشیاٹیو کی منظوری دے دی، وزیراعلی کی ہدایات پر 2 ماہ کیلئے فیول بچت اقدامات نافذ ہوں گے، بچت اقدامات میں توسیع صورتحال کے تجزیے کے بعد ہوگی۔ شفیع جان کے مطابق سرکاری محکموں میں میٹنگز کو 100 فیصد ورچوئل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس کے علاوہ سرکاری گاڑیوں کے فیول الاؤنس میں 25 فیصد کمی کی منظوری دی گئی ہے، اس کٹوتی سے مجموعی کٹوتی 50 فیصد ہوگئی ہے جبکہ 25 فیصد کٹوتی کو وڈ اقدامات کے وقت سے نافذ العمل ہے تاہم پولیس، ریسکیو اور قانون نافذ کرنے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

پٹرول کی قیمت کے معاملے میں کرپشن کی بو آرہی ہے، مفتاح اسماعیل

ایسا لگتا ہے تیل کی قیمت بڑھا کر حکومت کی طرف سے پی ایس او سمیت باقی پیٹرولیم کمپنیوں کو تحفہ دیا گیا ہے

کراچی(ویب ڈیسک) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے پٹرول ....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

ریلوے کے کارکنان نے رمضان المبارک کے کینٹ ریلوے اسٹیشن پر افطار کیا



کراچی میٹرو پولیٹن کارپوریشن صدر کے علاقے میں ایمپریس مارکیٹ کی تعمیر اور تزئین و آرائش کی نگرانی کر رہی ہے

رینجرز اور پولیس کی مشترکہ کارروائی، 2 ملزمان گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان رینجرز سندھ اور ایس آئی یو پولیس نے نیو کراچی کے علاقے میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بھتہ خوری میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان سندھ رینجرز کے مطابق گرفتار ملزمان میں محمد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

کراچی کے ایمپریس مارکیٹ صدر میں پیٹرولیم کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث سبزیوں کی فروخت میں کمی

200 سے زائد کاروباری کلسٹرز پر مشتمل ڈیجیٹل پلیٹ فارم قائم

مقصد پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کو عالمی مارکیٹ سے جوڑنا ہے

کراچی(ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کو عالمی مارکیٹ سے جوڑنے کیلیے 200 سے زائد کاروباری کلسٹرز پر مشتمل ڈیجیٹل پلیٹ فارم قائم کر دیا ہے۔ اس ضمن میں منعقدہ ایک اعلی سطح کے اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے تحت شہد کی پیداوار سے لے کر زیتون کے تیل کی پراسیسنگ تک کے تمام متنوع شعبے اب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

کراچی اور لاہور میں امریکی قونصلیٹ سروسز بدستور معطل

کراچی(ویب ڈیسک) کراچی اور لاہور میں امریکی قونصلیٹ سروسز بدستور معطل ہیں۔ امریکی سفارتخانے کے مطابق پیر سے 13 مارچ کی امیگرینٹ اور نان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

پورٹ قاسم میں کاروباری برادری کی شکایات کے حل کیلئے خصوصی کمیٹی قائم

کراچی(ویب ڈیسک) پورٹ قاسم میں زمین سے متعلق کاروباری برادری کی شکایات کے حل کیلئے خصوصی کمیٹی قائم کر دی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

ایڈیشنل آئی جی کے احکامات، پولیس کی کارروائیاں جاری

کراچی(ویب ڈیسک) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے پولیس کی انسداد جرائم کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ ہفتے کے دوران شہر میں انسداد جرائم کے دوران ڈاکوؤں سے ضلعی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

21 رمضان کے موقع پر کاروباری مراکز کی بندش کا اعلان

کراچی(ویب ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران اور آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کے ترجمان محمد اسماعیل لالپوریہ نے یوم شہادت حضرت علیؓ کے موقع پر 21 رمضان المبارک کو نکلنے والے مرکزی جلوس کے پیش نظر شہر کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

سرگودھا میں ڈاکو آئل ٹینکر سے 80 لیٹر پیٹرول لوٹ کر فرار

سرگودھا(ویب ڈیسک) سرگودھا میں ڈاکو آئل ٹینکر سے 80 لیٹر پیٹرول لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ کوٹ جبہ کے قریب پیش آیا جہاں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

اسلامی ممالک کے حوالے سے بے بنیاد تبصروں سے گریز کیا جائے، طاہر اشرفی

ایران ہمارا پڑوسی ہے اور سعودی عرب میں ہمارے مقدسات ہیں، چیئرمین پاکستان علما کونسل

لاہور(ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ دوست اسلامی ممالک کے حوالے سے بے بنیاد تبصروں سے گریز کیا جائے۔ صوبائی دارالحکومت سے جاری اپنے ایک بیان میں حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ پاکستان کی وزارت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

مشرق وسطی کی فضائی حدود بندش، 102 پروازیں منسوخ

منسوخ ہونے والی پروازوں کی تعداد 1100 سے تجاوز کر چکی ہے، ایئرپورٹ ذرائع

کراچی(ویب ڈیسک) مشرق وسطی میں جاری صورتحال اور فضائی حدود کی بندش کے باعث پاکستان کے مختلف بین الاقوامی ایئرپورٹس سے پیر کو یو اے ای، بحرین، کویت، قطر اور دیگر مشرق وسطی کے ممالک کے لیے 102 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق کراچی ایئرپورٹ سے دبئی، ابوظہبی، دوحہ، شارجہ، کویت اور بحرین جانے والی 44 پروازیں منسوخ کی گئیں، اسلام آباد ایئرپورٹ سے دبئی، ابوظہبی، دوحہ، بحرین، کویت اور شارجہ سمیت دیگر مقامات کے لیے 8 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ لاہور ایئرپورٹ پر دبئی، ابوظہبی، قطر، کویت اور بحرین کی 18 پروازیں منسوخ کی گئیں جبکہ پشاور ایئرپورٹ سے دبئی، شارجہ، قطر اور ابوظہبی کی 16 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ اسی طرح ملتان ایئرپورٹ سے دبئی، شارجہ، بحرین، دوحہ اور کویت کی 10 پروازیں، سیالکوٹ ایئرپورٹ سے دبئی کی 4 پروازیں جبکہ فیصل آباد ایئرپورٹ سے دبئی، شارجہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

آئی سی سی نے ٹی 20 ورلڈ کپ ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا گیا، صاحبزادہ فرحان سرفہرست

لندن(ویب ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا ہے، جس میں پاکستان کے صاحبزادہ فرحان سرفہرست ہیں۔ آئی سی سی کی میگا ایونٹ کی ٹیم میں پاکستان کے جارح مزاج اوپنر فرحان کو شامل کیا گیا ہے، وہ ٹورنامنٹ میں 383 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر18

GOVERNMENT OF PAKISTAN
FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY

PRE-QUALIFICATION TENDER NOTICE
FOR WORKSHOP FOR VEHICLES MAINTENANCE/ MOTORCYLES REPAIRING F.Y (2026-27).

1. Sealed bids from well reputed firms / workshops of Islamabad, having their own office / stock / manpower / expertise i.e. Mechanics of all kind / Electricians / Engineering / Denting & Painting / Wheel Balancing, Alignment Services, purchase of Tyres & Batteries are invited for repair / Maintenance of different make / models of Vehicles / Motorcycles i.e. Suzuki, Honda, Toyota, Coaster and others (Subject to availability / requirement) during financial year 2020-21.
02. The Firms / Workshops must be NTN / GST registered and Should be Active Tax Payer.
03. The Firms / Workshops must have valid Postal Address, Contact Numbers, Fax and person(s) of contact.
04. Interested bidders may send their Offers / Quotation in sealed envelopes duly marked.
05. All Workshops must be submitted Bid security of Rs. 50,000/- (re-fundable) in shape of bank Draft / Pay order in favor of FGEHA, Islamabad.
06. Bid security of Qualified Firms only will be returned on successful completion of the contract period. Non-compliance / early termination of contract / concealment of facts / any litigation and security breach may result in confiscation of bid security, legal action and blacklisting of firm.
07. Tender documents having detailed specification along with terms and conditions can be obtained from **www.fgeha.gov.pk** and **www.eprocure.gov.pk** free of cost from Undersigned on any working day from 10:00 am to 04:00 pm.
08. Bank reference in respect of financial stability of the firm.
09. The Proposals (Technical & Financial); prepared in accordance with the instructions provided in the RFP must be submitted on e-PADS (https//eprocure.gov.pk) through electronic means only.
10. E-Tenders without attachment of Bid Security in favor of FGEHA equal to the earnest money will be rejected.
11. The bidders providing fake, forged, unsubstantiated and false information shall be liable to legal actions i.e. disqualification and blacklisting.
12. Financial Proposal(s) of only Technically Responsive & Qualified Firms will be opened at the date and time, to be determined and communicated later.
13. All the applicable Federal/Provincial taxes (income tax, sale tax, and eta.) must be included while preparing the Financial Proposal and are required to be submitted in the quoted rates and not to be mentioned separately.
14. The issuance of Work Order shall be subject to approval of Competent Authority.
15. **Last date of receipt of sealed bids/ Tenders is after 15 days till 11:30 A.M of this advertisement and Tender will be opened on the same day at 12:00 P.M noon** in the committee room of Federal Government Employees Housing Authority, Islamabad in the presence of the bidders or their representatives
16. FGEHA reserves the right to accept or reject any or all bids with assigning cogent reason.
17. Further information in this regard, if any, can be sought during office hours on phone No. 051-9106044.

Assistant Director (C.S)
Federal Government Employee Housing Authority
10-Mauve Area, Sector G-10/4, Islamabad.
051:9106044
PID(I)7331/25